★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | بدھ 13 شعبان المعظم 1446ھ، 12 فروری 2025، 30 بھاگ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 112

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

سائنس و ٹیکنالوجی کی دنیا میں خواتین کا کردار نا گزیر ہے، مریم نواز

ترقی کے لئے اپنی بیٹیوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ پنجاب کا خواتین اور لڑکیوں کے عالمی دن برائے سائنس پر پیغام

پنجاب حکومت خواتین اور لڑکیوں کو سائنسی و تکنیکی میدان میں آگے لانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز



لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز علم اور آئی ٹی کی جہازوں سے آراستہ کرتا ہوگا، ایسا پنجاب بنا رہے ہیں جہاں خواتین ترقی کی راہ میں کسی سے پیچھے نہ رہیں بلکہ سب سے آگے ہوں، انہوں نے خواتین اور لڑکیوں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

شریف نے کہا ہے کہ ترقی کے لئے اپنی بیٹیوں کو جدید

عمران خان کا خط جرح آئینی کمیٹی کو بھجوایا، وہ طے کریں گے

چیف جسٹس

آئی ایم ایف وفد کی ملاقات پر بریفنگ کروں گا، بانی پی ٹی آئی کے خط پر بات کروں گا، ہفتہ اتوار جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی پر بھی بات کروں گا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کا خط ہم نے ہی اس معاملے کو دیکھنا ہے۔ عالی مالیانی

خط (آئی ایم ایف) کے خصوصی وفد سے سپریم کورٹ میں ملاقات کے بعد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

لاہور (وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

پیکا ایکٹ کیس، فیک نیوز کی پبلیکیشن کی جا سکتی ہے یا نہیں، سلام آباد ہائیکورٹ

پیکا ایکٹ کے خلاف پی ایف یو جے اور ایمنسٹی کی درخواست پر سماعت، ہم ماورائے آئین اور انسانی حقوق سے متصادم نہیں ہونا چاہیے، صحافتی نمائندہ کے وکیل

یہ قانون آرٹیکل 19 اور 19 اے کی خلاف ورزی میں بنایا گیا، صحافی اپنی خبر کا سورس کبھی نہیں بتاتا، پیکا پر عمل ہو گیا تو پھر صحافی صرف موسم کا حال ہی بتا سکیں گے، ریاست علی آزاد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیکا ایکٹ کے ساتھ کے دوران جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ کیا کسی نیوز سے متعلق ہے، کیا فیک نیوز کی پبلیکیشن رکنی چاہیے یا نہیں؟ اسلام آباد ہائیکورٹ

منہاس نے کہا کہ کیا فیک نیوز سے متعلق ہے، کیا فیک نیوز کے جسٹس اطہر من اللہ نے پیکا ایکٹ کے خلاف پی ایف یو جے اور ایمنسٹی کی درخواست پر سماعت کی جس

دوران صحافتی تنظیموں کے عہدیدار اور وکیل عمران شفیق ایڈووکیٹ عدالت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

انسانی سمگلرز کے خلاف FIA کا بھرپور ایکشن، لام ہو چکا خواجہ سعد رفیق

یورپ جانے کے جال میں پھنس کر سمندر میں ڈوبنے والے پاکستانیوں کے سانحات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، انسانی سمگلرز اپنے کرتوت کا روبار کو بلا خوف جاری رکھے ہوئے ہیں

ان انسان نما درندوں کے خلاف ایف آئی اے کا موثر ایکشن لازم ہو چکا ہے جو انکی صفائی تک جاری رہنا چاہیے، وزارت داخلہ توجہ مرکوز کرے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا

انہوں نے ایس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ یورپ جانے کے جال میں پھنس کر سمندر میں ڈوبنے والے پاکستانیوں کے سانحات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، انسانی سمگلرز اپنے کرتوت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

پائیدار منصفانہ امن صرف فلسطین مسئلہ کے حل سے ممکن ہے، وزیر اعظم

1967 سے پہلے کی سرحدوں پر مشتمل آزاد فلسطینی ریاست کا قیام ضروری ہے، جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو، پائیدار امن صرف دو ریاستی حل سے ممکن ہے، دبئی میں ورلڈ گورنمنٹس سمٹ سے خطاب

یہ سمٹ انسانیت کے بہتر مستقبل کے چیلنجز اور مواقع کے لیے اجتماعی غور کا موثر فورم ہے، غزہ میں نسل کشی کے دوران 50 ہزار فلسطینی شہید ہوئے، فلسطین کا مسئلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے

دبئی (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ 1967 سے پہلے کی سرحدوں پر مشتمل آزاد فلسطینی ریاست کا قیام ضروری ہے جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو۔ یہ بات انہوں نے دبئی میں ورلڈ گورنمنٹ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



دبئی: وزیراعظم شہباز شریف نائب صدر و وزیراعظم و وزیر خارجہ شیخ محمد بن راشد المکتوم سے ملاقات کر رہے ہیں

سپریم کورٹ میں 7 نئے ججز کی تقرری کی سمری تیار

وزارت قانون ججز تقرری کی سمری حتمی منظوری کے لیے صدر مملکت آصف علی زرداری کو بھجوائے گی

سمری حتمی منظوری کے لیے صدر مملکت آصف علی زرداری کو بھجوائے گی، صدر آصف زرداری کی منظوری کے بعد سپریم کورٹ میں نئے ججز کی تقرری کے معاملے پر وزارت قانون نے 7 نئے ججز کی تقرری کی سمری تیار کرلی، ذرائع کے مطابق وزارت قانون ججز تقرری کی قانون جاری کرے گا۔ ذرائع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد (این این آئی) جوڈیشل کمیشن اجلاس کے بعد سپریم کورٹ میں نئے ججز کی تقرری کے معاملے پر وزارت قانون نے 7 نئے ججز کی تقرری کی سمری تیار کرلی، ذرائع کے مطابق وزارت قانون ججز تقرری کی قانون جاری کرے گا۔ ذرائع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

لیبیا کشتی حادثہ والے ڈوبنے 73 میں سے 63 پاکستانی بیشتر جاں بحق ہو گئے

خارجہ دفتر

کشتی پر سوار افراد میں 10 بنگلادیشی بھی شامل تھے، جاں بحق ہونیوالوں کی اکثریت کا تعلق ضلع کرم اور باجوڑ کے اضلاع سے ہے

حادثے میں ڈوبنے والے 73 میں سے 63 پاکستانی تھے، جن میں سے بیشتر جاں بحق ہو گئے ہیں۔ بیشتر

اسلام آباد (ایوانِ پی) دفتر خارجہ کی جانب سے قائد کمیشن کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا ہے کہ لیبیا کشتی کی تباہ کن ہیلی کاپٹر امور کو دی گئی بریفنگ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)



سپریم کورٹ میں بھرتیوں کیخلاف کھڑے رہیں گے، حامد خان

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں نئے ججوں کی تعیناتی پر پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

مالی سال کی پہلی ششماہی میں پاکستان کے تمام شعبوں کی برآمدات میں اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) حکومت رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

دبئی: وزیراعظم شہباز شریف سے بوسنیا کے صدر ارنی تحل کی چیئرمین ملاقات کر رہی ہیں

بانی پی ٹی آئی خط نہیں بھیجے، فوج کو نام کرنے کی کوشش ہے، رانا ثنا

یہ جو کر رہے ہیں یہ قومی سطح کا جرم ہے، نئے انتخابات کا مطالبہ کرنے میں کیا حرج ہے، اپوزیشن یہ باتیں نہیں کر سکتی تو کیا کر سکتی؟

ہمیں اپوزیشن کی باتوں پر پریشان نہیں ہونا چاہیے، فضل الرحمان کے ساتھ مطلب رہنا اور ہمنوائی لیتے رہنا چاہیے، مشیر وزیراعظم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے تحریک انصاف کے بانی کو چیئرمین کہہ دیا۔ ہے کہ بانی پی ٹی آئی خط نہیں بھیجتے یا یک پریشر ڈول ہے، وہ فوج کو ہدایت کرتے کی کوشش کر رہے ہیں، یہ جو کر رہے ہیں یہ یک قومی سطح کا جرم ہے، اپوزیشن کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

نئے انتخابات کا مطالبہ کرنے میں کیا حرج ہے اپوزیشن یہ باتیں نہیں کرے گی تو کیا کرے گی؟ ہمیں اپوزیشن کی باتوں پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

لاہور جائیداد کے تنازع پر 2 سوتیلے بھائیوں نے ایک دوسرے کو مار ڈالا

لاہور (این این آئی) لاہور کے سرحدی علاقے باغبانپورہ میں جائیداد کے تنازع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

سیاسی جماعتوں کا اتحاد بننے جا رہا ہے، شبلی فراز کا دعویٰ

اگر انصاف دینے والے کمزور ہو جائیں تو لوگ خود کو غیر محفوظ سمجھتے ہیں، گفتگو

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) رہنما شبلی فراز نے دعویٰ کیا ہے کہ سیاسی جماعتوں کا اتحاد بننے جا رہا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز نے میڈیا سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



محکمہ صحت نے کارڈیک سرجری کے 19 سینئر جنرل ارز کی تعیناتی کر دی

لاہور (این این آئی) صوبے کے مختلف ہسپتالوں میں کارڈیک سرجری کے 19 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

اسرائیل کا 18 فروری تک لبنان سے فوجی انخلا مکمل کرنے کا اعلان

تل ابیب (این این آئی) جو بائیڈن انتظامیہ کی ثالثی میں لبنان و اسرائیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

لاہور: چیئرمین پنجاب ویمن پروفیشنل ہنر مند پروجیکٹ تیزاب گردی کا شکار عزت کی تیمارداری کر رہی ہیں

ٹرمپ کی حماس کو آخری مہلت کے ساتھ نہم کے دروازے کھولنے کی دھمکی

حماس کی جانب سے معاہدے کی مسلسل خلاف ورزیوں کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سنگین نتائج کی دھمکی دی

اگر حماس نے تمام قیدیوں کو ایک ساتھ واپس نہ کیا تو ہفتے کے روز جمعہ تک نہ ہوا تو معاہدے کی منسوخی کے بارے میں بات کر سکتا ہوں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) حماس کی جانب سے معاہدے کی مسلسل خلاف ورزیوں کے اعلان کے ردعمل میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر حماس نے تمام قیدیوں کو ایک ساتھ رہا نہ کیا تو اس پر تشدد کے سنگین نتائج کی دھمکی دی ہے۔

ٹرمپ نے حماس کو آخری مہلت دیتے ہوئے دھمکی دی کہ اگر حماس نے تمام قیدیوں کو ایک ساتھ واپس نہ کیا تو اس پر تشدد کے دروازے کھل جائیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

جنگ بندی معاہدے کی پائیداری میں ناکامی اور معاہدے کی مسلسل خلاف ورزیوں کے بعد اسرائیلی



لاہور: صوبائی وزیر صنعت تجارت چوہدری شفاعت حسین ڈار بلیچان کے ٹریڈ ہاؤس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے آئی ایم ایف کا وفد ملاقات کر رہا ہے

شب برأت (کل) مذہبی عقیدت واحترام سے منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) شب برأت کل (جمعرات) 14 شعبان المعظم 13 فروری کو مذہبی عقیدت واحترام سے منائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

وزیر اعظم شہباز شریف کی صدر ایوارڈ ای سے ملاقات، آرمی چیف کی بھی شرکت

پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تعاون کے مزید فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور متحدہ عرب امارات کے صدر کے دیرمیان ابوظہبی میں ملاقات ہوئی جس میں اقتصادی،



وفاقی وزیر داخلہ کا ایف ایٹ جناح ایونیو انٹر چینج پراجیکٹ کا دورہ

محسن نقوی نے پراجیکٹ کو 100 فیصد 18 فروری تک مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن دیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایف ایٹ جناح ایونیو انٹرچینج پراجیکٹ کا دورہ اور زیر تعمیر فلائی اوور کے فنکشنل

دلائل سے پہلے ہمارا ریکارڈ واپس کروایا جائے، بیرسٹر گوہر علی

پی ٹی آئی چیئرمین کی ساعت ملتوی کرنے کی استدعا، کیس کی ساعت 4 مارچ تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پی ٹی آئی میں گروپنگ کی کوئی گنجائش نہیں، جنید اکبر

جلسے سے متعلق پولیس مانگی ہیں، غیر قانونی بشمول کارکردگی والوں کو آگے جانے نہیں دوں گا، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف خیبر پختون خوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی میں گروپنگ کی کوئی گنجائش نہیں، پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: وزیر داخلہ محسن نقوی الیف 8 جناح ایونیو انٹر چینگ کا کام کا جائزہ لے رہے ہیں

غزہ سے فلسطینیوں کو بے دخل کرنا مسئلے کا حل نہیں، فرانس

اگر اب دو ریاستی حل حاصل نہیں کیا گیا تو یہ کبھی حاصل نہیں ہو سکے گا، سفارتی ذرائع

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی پر اپنا کنٹرول مسلط کرنے اور فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کے بارے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات کے اثرات اب بھی جاری ہیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

غزہ منصوبے کی مخالفت کرنے والے متبادل حل پیش کریں، امریکہ

ٹرمپ وہ واحد شخص ہیں غزہ کی تعمیر نو کے لیے مدد کو تیار ہیں، امریکی وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) دوسری جانب وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ ٹرمپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد: چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی آئی ایم ایف وفد کے وفد کو سینئر حکام پیش کر رہے ہیں

میرے منصوبے کے مطابق فلسطینیوں کو واپسی کا کوئی حق حاصل نہیں ہے، ٹرمپ

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی پر قبضہ کرنے اور اسے خریدنے کے بارے میں اپنے سابق بیانات کی وجہ سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں بارش اور برفباری کا امکان

اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، جہلم اور لاہور سمیت کئی شہروں میں تیز ہواؤں کیساتھ بارش کی توقع

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک و سرد ہونے کے ساتھ ساتھ کئی علاقوں میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تیزی، 780 پوائنٹس کا اضافہ

شیئر بازار کا 100 انڈیکس 780 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 12 ہزار 158 پر آ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا مثبت رجحان دیکھنے میں آیا ہے۔ شیئر بازار کا 100 انڈیکس 780 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 12 ہزار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف لاہور کے 16 ویں کانووکیشن کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عرب ملک فلسطینی جبری انخلا کے ٹرمپ منصوبے کو قبول نہیں کرتے، مصر

امریکی انتظامیہ کے ساتھ مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن کے قیام کے لیے کام کریں گے، وزیر خارجہ

قاہرہ (این این آئی) مصر کے وزیر خارجہ کی امریکہ میں اپنے ہم منصب مارکو روبیو کے ساتھ ملاقات کے بعد مصری وزارت خارجہ نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ فلسطینیوں کی طرف سے جبری انخلا کے منصوبے کو مسترد کرنے کے موقف کی عرب ممالک حمایت کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

پیدائشی حق شہریت کے خلاف ٹرمپ کا حکمنامہ تیسرے وفاقی جج نے روک دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے امریکی شہریت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

مدرسے کے اساتذہ کی 9 سالہ بچے سے بدفعلی، ڈرل مشین چلا کر ڈراتے رہے

لاہور (این این آئی) مدرسے کے اساتذہ نے 9 سالہ بچے سے بدفعلی کر ڈالی، جو بچے کو ڈرل مشین چلا کر ڈراتے رہے۔ پولیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

گھی اور کوکنگ آئل مزید مہنگے، رمضان سے قبل عوام پر مہنگائی کا نیا بوجھ

مکوآنہ (این این آئی) اہل اسلام آباد سمیت ملک بھر میں رمضان 2025 کی آمد سے قبل گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں فی کلو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

فیصل آباد ریلوے اسٹیشن کے سٹور میں گھسنے سے روکنے پر ریلوے ملازم قتل

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد ریلوے اسٹیشن کے سٹور میں گھسنے سے روکنے پر ریلوے ملازم قتل کر دیا گیا۔ ملزم کو تحویل میں لے کر تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد میں ریلوے ملازم فاروق نے ظرم غلام رسول کو اسٹور میں داخل ہونے سے روکا ملزم نے لڑائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)



کراچی: ترجمان حکومت سندھ خدیجہ قمر زمان پنجاب اسمبلی میں کامن ویلتھ پارلیمانی ایسوسی ایشن کانفرنس میں شریک ہیں

سپریم کورٹ میں نئے ججز کی تعیناتی، 3 کمرے بنا لیے گئے

نئی عدالتوں میں کیسز کی سماعت کے تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، عدالتی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں نئے ججز کی تعیناتی کے حوالے سے عدالتوں کے لیے 3 کمرے بنا لیے گئے۔ ذرائع کے مطابق نئی عدالتوں میں کیسز کی سماعت کے تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ دوسری جانب جوڈیشل کمیشن کے اجلاس کے بعد سپریم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض
سٹی نیوز



یوای ٹی نے دوسالہ ڈگری پروگرامز کیلئے داخلے کی تاریخ میں توسیع کا اعلان کر دیا

آن لائن درخواست فارم پُر کرنے اور داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 25 فروری تک بڑھا دی گئی

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور نے دو سالہ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز کیلئے داخلوں کی تاریخ میں توسیع کا اعلان کر دیا ہے۔ آن لائن درخواست فارم پُر کرنے اور داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ 10 فروری سے بڑھا کر 25 فروری کر دی گئی ہے۔ اب طلباء 25 فروری تک داخلہ کی درخواست جمع کروا سکیں گے۔ یاد رہے دو سالہ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز میں داخلہ کیلئے انٹری ٹیسٹ کی کوئی شرط نہیں ہے۔ اب طلباء بغیر کسی دشواری کے ای کیٹ کا امتحان پاس کیے بغیر بھی یوای ٹی سے دوسالہ ڈگری حاصل کر سکیں گے۔ داخلہ کی تمام معلومات ایڈمیشن پورٹل admission.uet.edu.pk پر دستیاب ہے۔

نامعلوم خاتون کی درخت سے لٹکی ہوئی لاش برآمد

پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے قتل اور خودکشی سمیت دیگر پہلوؤں پر تفتیش کا آغاز کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پرانی انارکلی کے علاقے میں ناصر باغ سے نامعلوم خاتون کی درخت سے لٹکی ہوئی لاش برآمد پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے قتل اور خودکشی سمیت دیگر پہلوؤں پر تفتیش کا آغاز کر دیا تفصیلات کے مطابق ناصر باغ میں درخت سے خاتون کی لٹکی لاش دیکھ کر سیر کے لیے آنے والے افراد نے پولیس کو اطلاع دی کی جس پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل میں لے کر ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر کے قتل اور خودکشی سمیت دیگر پہلوؤں پر تفتیش کا آغاز کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ خاتون کی عمر 35 سال کے قریب ہے جس کی تا حال شناخت نہ ہو سکی ہے بظاہر اس کے جسم پر کوئی تشدد کے نشانات موجود نہ ہیں اس نے خودکشی کی یا اسے قتل کیا گیا ہے پوسٹمارٹم رپورٹ آنے پر معلوم ہوں گے جس کی روشنی میں مزید قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی

شہر میں سٹریٹ کرائم کی نان سٹاپ وارداتیں جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں سٹریٹ کرائم کی نان سٹاپ وارداتیں جاری، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 336 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس زرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں کے دوران چور شہر کے مختلف علاقوں میں 14 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو شہر میں اسلحے کے زور پر مختلف مقامات پر 15 افراد سے لاکھوں روپے، ایک شہری سے موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو 8 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 31 موٹر سائیکلیں، 2 کاریں، 9 دیگر وہیکل، 1 مویشی چوری ہو گیا اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 255 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

کوٹ لکھپت کے علاقے میں 2 اوباش 11 سالہ بچے کو زیادتی کا نشانہ بنا کر حالت غیر ہونے پر چھوڑ کر فرار ہو گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) کوٹ لکھپت کے علاقے میں 2 اوباش 11 سالہ بچے کو زیادتی کا نشانہ بنا کر حالت غیر ہونے پر چھوڑ کر فرار ہو گئے، پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر کے مزید تفتیش کے لیے چیندر ریل کے حوالے کر دیا تفصیلات کے مطابق کوٹ لکھپت کا رہائشی 11 سالہ حمزہ گھر کے پاس گیم شاپ پر گیم کھیلنے گیا جہاں ملزم عبدالرزاق نے ساتھی حمزہ سے مل کر بچے کو ورغلا کر زیادتی کی اور حالت غیر ہونے پر چھوڑ کر فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر متعلقہ پولیس نے واقعہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے ان کیخلاف مقدمہ درج کر لیا اور انہیں مزید تفتیش کے لیے جنڈ ریل کے حوالے کر دیا۔



لاہور: پنجاب اسمبلی میں پہلی مشترکہ ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا سی پی اے کانفرنس کے کامیاب اختتام پر غیر ملکی وفود کی اپنے وطن واپسی پر گروپ فوٹو

پنجاب اسمبلی میں سی پی اے کانفرنس کا کامیاب اختتام، غیر ملکی وفود کی وطن واپسی

پنجاب کی ثقافت اور سپیکر پنجاب ملک محمد احمد خان کی میزبانی ہمیشہ یاد رہے گی۔ سیکرٹری جنرل سی پی اے کرسٹوفر کلیلا

پاکستانی عوام نہایت پُرامن اور مہمان نواز ہیں جبکہ پنجاب کی ثقافت اور سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی میزبانی ہمیشہ یاد رہے گی

پاکستان میں جمہوری ادارے مستحکم ہو رہے ہیں اور سی پی اے کانفرنس اس کی بہترین مثال ہے۔ ڈپٹی سپیکر برطانوی ہاؤس آف کامنز نصرت غنی

کانفرنس علاقائی پارلیمان کے درمیان ہم آہنگی اور پارلیمانی اقدار کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہو گی۔ سپیکر سری لنکا جگتھ وکرماراٹن

لاہور (خبرنگار) پنجاب اسمبلی میں منعقدہ پہلی مشترکہ ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا سی پی اے کانفرنس کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئی، جس کے بعد غیر ملکی مہمان اپنے وطن واپس روانہ ہو گئے۔ اس تاریخی کانفرنس میں 20 سے زائد اسمبلیوں کے 100 سے زائد پارلیمینٹیرینز نے شرکت کی۔ کانفرنس کے دوران ''چارٹر آف لاہور'' کی منظوری دی گئی، جس میں بہتر طرز حکمرانی، مساوی حقوق اور پائیدار ترقی کے فروغ سمیت دیگر اہم امور پر تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ سی پی اے ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرپرسن ڈاکٹر کرسٹوفر کلیلا، پارلیمنٹ آف سری لنکا کے سپیکر ڈاکٹر جگتھ وکرماراٹن، سری لنکا کے ڈپٹی منسٹر محمد ملافر منیر، برطانوی ہاؤس آف کامنز کی ڈپٹی سپیکر نصرت غنی، مالدیوز، ملائیشیا، سری لنکا اور دیگر ممالک کے سپیکرز، سینیٹرز اور سیکرٹریز سی پی اے کانفرنس میں شرکت کے بعد وطن روانہ ہو گئے۔ برطانوی ہاؤس آف کامنز کی ڈپٹی سپیکر نصرت غنی نے وطن واپسی سے قبل گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی پارلیمانی سفارت کاری اور جمہوری اقدار کے فروغ کے عزم کو سراہتے ہیں۔ پاکستان میں جمہوری ادارے مستحکم ہو رہے ہیں اور سی پی اے کانفرنس اس کی بہترین مثال ہے۔ پارلیمنٹ آف سری لنکا کے سپیکر ڈاکٹر جگتھ وکرماراٹن نے وطن واپسی سے قبل گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خطے کے پارلیمانی اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے کا ایک اہم موقع ملا ہے، پنجاب اسمبلی میں منعقدہ یہ کانفرنس علاقائی پارلیمان کے درمیان ہم آہنگی اور پارلیمانی اقدار کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہو گی۔ سیکرٹری جنرل کامن ویلتھ پارلیمنٹری ایسوسی ایشن ڈاکٹر کرسٹوفر کلیلا نے کانفرنس میں شرکت کے بعد اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ ''پاکستانی عوام نہایت پُرامن اور مہمان نواز ہیں جبکہ پنجاب کی ثقافت اور سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی میزبانی ہمیشہ یاد رہے گی۔ کانفرنس کے دوران مندوبین نے پنجاب اسمبلی اور لاہور کے تاریخی و ثقافتی مقامات کا بھی دورہ کیا اور شاندار انتظامات کو سراہا۔ کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر شرکاء نے پنجاب اسمبلی کے کردار کو بھرپور انداز میں تسلیم کیا اور یہاں گزارے گئے وقت کو یادگار قرار دیا۔



لاہور ایکسپو سینٹر میں ازبکستان مصنوعات کی پہلی نمائش کے موقع پر پاکستان اینڈ سی ای ایس ٹریڈ سینٹر کے چیئرمین سہیل متین ہیڈ آف آپریشن تجمال احمد، سی او او یعقوب، دانش اور فرحان اصغر و دیگر کا گروپ فوٹو

ملزمان کے تشدد سے ایس ایس آئی شاہد جاں بحق ہو گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مزنگ کے علاقے میں اشتہاری ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے کے دوران ملزم کے وکلا کے مبینہ تشدد سے پولیس کا اے ایس آئی جاں بحق ہو گیا شہید ASI شاہد FIA کورٹ کے باہر اشتہاری ملزم عدیل کو گرفتار کر کے لے جا رہا تھا کہ وکلا کے گروہ کے دھاوا بول دیا۔ آئی جی پنجاب کا ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کا حکم، پولیس کے مطابق شاد باغ انویسٹی گیشن پولیس کے اے ایس آئی شاہد اور جمیل FIA کورٹ کے باہر سے اشتہاری ملزم عدیل کو گرفتار کر کے لے جا رہے تھے کہ مزنگ کے قریب ملزم کے وکلا نے ان پر دھاوا بول دیا، تشدد کے باعث تھانیدار شاہد کی حالت غیر ہو گئی اور اسپتال پہنچنے سے پہلے ہی دم توڑ گیا۔ پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کر لی اور ڈی آئی جی آپریشنز کو تشدد میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔ دوسری جانب ایس ایس پی محمد نوید نے ڈیڈ ہاؤس میں ASI محمد شاہد کی نعش کا ملاحظہ کیا۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:15

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

جی سی یو ماڈل یونائیٹڈ نیشنز میں 250 مندوبین کی شرکت

کانفرنس میں چھ کمیٹیاں مختلف عالمی مسائل پر سفارتی مباحثوں میں مصروف رہیں



لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں انٹرنیشنل پنجابی کانفرنس کے شرکاء قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

لاہور (خبرنگار) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کی ڈیبیٹنگ سوسائٹی کے زیر اہتمام تیسری ماڈل یونائیٹڈ نیشنز (MUN) کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی، کنیئرڈ کالج فار ویمن، فارمن کرسچن کالج، اور یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز سمیت دیگر تعلیمی اداروں کے 250 سے زائد مندوبین نے شرکت کی۔ کانفرنس میں چھ کمیٹیاں مختلف عالمی مسائل پر سفارتی مباحثوں میں مصروف رہیں، جبکہ متعدد قراردادیں مرتب اور منظور کی گئیں۔ فارمن کرسچن کالج نے کانفرنس میں بہترین وفد کا ایوارڈ حاصل کیا۔ جی سی یو کے مشیر برائے طلبہ امور، محمد صدیق اعوان اکہنا تھا کہ اگلے سال سے جی سی یو ماڈل یونائیٹڈ نیشنز کو جی سی کے پہلے مسلمان پرنسپل پروفیسر احمد شاہ بخاری کے نام سے منسوب کیا جائے گا، جنہوں نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے پہلے مستقل نمائندے کے طور پر بھی خدمات انجام دیں

سیکرٹری اوقاف کی زیر صدارت وقف اراضیات کی ڈیجیٹائزیشن کے لیے خصوصی اجلاس

کمرشل املاک کی مکمل کمپیوٹرائزیشن سے رینٹ کولیکشن اور دیگر امور میں بہتری آئے گی: سیکرٹری اوقاف



لاہور (صابر غوری) ایوان اوقاف میں سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی زیر صدارت وقف اراضیات کی ڈیجیٹائزیشن کے لیے خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اوقاف نے وقف اراضیات کے نیلام عام کا نظام ''ڈیجیٹائزڈ'' کرنے کے ساتھ وقف پراپرٹیز کے نیلام عام کا پانچ سال کا شیڈول آئین لائن جاری کر دیا ہے۔ تمام شہریوں کو ''ای آکشن'' کے ذریعے نیلام عام میں، آن لائن شمولیت کی سہولت میسر ہو گی۔ ''ویب پورٹل'' میں تمام مطلوبہ سہولیات فراہم کر دی گئیں ہیں۔ خواہشمند حضرات بذریعہ ''ویب پورٹل'' کارروائی نیلام عام کا حصہ بن سکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ''ای آکشن'' کے ذریعہ نیلام عام میں مزید شفافیت آئے گی۔ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت اہم تقاضہ ہے۔ کمرشل املاک کی مکمل کمپیوٹرائزیشن سے رینٹ کولیکشن اور دیگر امور میں بہتری آئے گی۔ گورننس کو بہتر اور وقف اثاثہ جات کو محفوظ و مفید بنانا بنیادی ترجیح ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف رفیق نور جاوید، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور ونو، سیکشن آفیسر محکمہ خزانہ پنجاب خضراں علی، اسسٹنٹ چیف پی اینڈ ڈی بورڈ محمد عثمان، ڈپٹی ڈائریکٹر اسٹیٹ آفیسز آصف اعجاز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسٹیٹ قاضی عبدالرزاق سمیت دیگر افسران شریک ہوئے۔ سیکرٹری اوقاف نے کہا کہ محکمہ نے اپنے وسائل آمدن کو بڑھانے کے لئے جامع حکمت مرتب کی ہے، جس سے گذشتہ سالوں کی نسبت محکمہ کو زرکثیر حاصل ہوا، جس سے کمرشل یونٹس اور دیگر ترقیاتی پراجیکٹس کی تعمیر سے محکمانہ خود انحصاری کے حوالے سے ایک موثر مثال بن کر سامنے آیا ہے۔ واضح رہے کہ اوقاف کی کل قابل کاشت اراضی بتعداد 30 ہزار ایکڑ جس کو سرکاری قواعد اور پالیسی کے مطابق نیلام کیا جاتا ہے، یہ نیلام ایک سال کے لئے ہوتا ہے۔ جس میں پٹے دار کو 20 فیصد اضافے کے ساتھ دو سال تک جبکہ 10 فیصد اضافے کے ساتھ مزید دو سال تک توسیع حاصل کرنے کا موقع میسر ہوتا ہے، یوں ایک پٹے دار ایک بولی کے نتیجہ میں 5 سال تک زمین سے استفادہ کر سکتا ہے، جو کہ ایک بہتر پالیسی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ نے آئندہ پانچ سال کا کیلنڈر مرتب کر کے آن لائن کر دیا ہے۔ جس سے لیز کے حوالے سے وقف اراضیات کے حصول اور بولی میں شامل ہونے والے زمین اور اس کے شیڈول نیلام کے حوالے سے آگاہی حاصل کر سکیں گے۔

وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین کی زیر صدارت پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کا اجلاس

اجلاس میں ملک بھر میں چینی کی قیمتوں اور اس کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے



وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور/اسلام آباد (صابر غوری) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین کی زیر صدارت پاکستان شوگر مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (PSMA) کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ملک بھر میں چینی کی قیمتوں اور اس کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس کے دوران وفاقی وزیر نے چینی کی قیمتوں کو عوام کے لیے قابل رسائی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ چینی کی تقسیم کے لیے ایک مانیٹرنگ پلان تیار کیا جائے گا جو ہر ضلع میں رواں ہفتے کے دوران سامنے آئے گا۔ رانا تنویر حسین نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو کم قیمت پر چینی فراہم کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ رمضان کے آغاز سے تین دن قبل ہر ضلع میں چینی کے اسٹالز لگائے جائیں گے، جو 27 رمضان تک جاری رہیں گے۔ ان اسٹالز پر چینی وافر مقدار میں دستیاب ہو گی تاکہ عوام کو چینی کی فراہمی میں کسی قسم کی کمی نہ ہو۔ وفاقی وزیر نے اس بات کا بھی اعلان کیا کہ رعایتی قیمتوں پر چینی کی قیمت کا اعلان رواں ہفتے کیا جائے گا تاکہ عوام خصوصاً غریب طبقے کو رمضان میں چینی سستے داموں چینی مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومتوں کے تعاون سے ملک بھر میں چینی کے اسٹالز لگائے جائیں گے تاکہ ہر علاقے میں عوام کو آسانی سے چینی دستیاب ہو سکے۔ رانا تنویر حسین نے آخر میں کہا کہ رمضان ایک عبادت کا مہینہ ہے، اور حکومت کا مقصد عوام خصوصاً غریب طبقے کو سستی قیمتوں پر ضروری اشیاء فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ چینی کی قیمتوں پر مکمل نظر رکھی جائے گی تاکہ عوام کو رمضان کے مہینے میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ ہو۔

فقہ جعفریہ جنریشن وار کیلئے سچ بولنے، سننے اور دیکھنے کی اشد ضرورت ہے، رانا مشہود

پنجاب یونیورسٹی کھیلوں کو فروغ دے گی، وی سی ڈاکٹر محمد علی

لاہور (خبرنگار) چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ آج پاکستانیوں کو سچ بولنے، سننے اور دیکھنے کی اشد ضرورت ہے تبھی فقہ جنریشن وار کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ وہ پنجاب یونیورسٹی اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے زیر اہتمام پرائم منسٹر ویمن باسکٹ بال ٹیلنٹ ہنٹ یوتھ سپورٹس لیگ اور آل پاکستان انٹر ای سی انٹر یونیورسٹی ویمن فٹ بال چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، سینئر سنڈیکیٹ ممبر سلمان غنی، ڈی جی سپورٹس ہائر ایجوکیشن کمیشن جاوید میمن، صدر فیو اسا ڈاکٹر امجد عباس مگسی، ڈائریکٹر سپورٹس ڈاکٹر شبیر سرور، فیکلٹی ممبران سمیت مختلف جامعات سے طلباء و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ وزیر اعظم کے ویژن کے مطابق پاکستان میں کھیلوں کو فروغ دے رہے ہیں اور جلد ہر میدان میں ہمارے نوجوان ملک کی نمائندگی کرتے نظر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو مایوسی، نفرت، انتشار اور ناامیدی سے دور رکھنے کیلئے ہر سطح پر مثبت پلیٹ فارم مہیا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بروقت آئی ایم ایف سے ڈیل کر کے ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا۔



لیاقت آباد پولیس نے 2 رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لیاقت آباد پولیس نے 2 رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق لیاقت آباد پولیس 15 کال پر کارروائی کرتے ہوئے دھلے فلیس سے موٹر سائیکل چوری کر کے فرار ہونے والے ملزمان آصف اور علی کو گرفتار کر کے ملزمان سے گارڈن ٹاؤن، لیاقت آباد سے چوری ہونے والی 2 موٹر سائیکلیں و پستول برآمد کر کے مقدمات درج کر کے انہیں مزید تفتیش کے لیے اے وی ایل ایس کے حوالے کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ چور گینگ مختلف مارکیٹس سے بغیر لاک کے کھڑی موٹر سائیکلیں چرا کر فرار ہوتے تھے

قلعہ گجر سنگھ پولیس کی بروقت کاروائی نے نابینا احتجاجی کی جان بچالی

لاہور (کرائم رپورٹر) قلعہ گجر سنگھ پولیس کی بروقت کاروائی نے نابینا احتجاجی کی جان بچا لی تفصیلات کے مطابق پریس کلب کے باہر احتجاج کے دوران راولپنڈی سے آئے احتجاجی نابینا عمران عزیز نے پٹرول چھڑک کر خودسوزی کی کوشش کی اس دوران قلعہ گجر سنگھ کے یوسف اے ایس آئی نے فوری آگ بجھا کر عمران کو ریسکیو کیا ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے پولیس جوان کو شاباش دیتے ہوئے تعریفی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان کیا ہے

مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق گریجوایٹس پیدا کریں گے، ڈاکٹر محمد علی

پنجاب یونیورسٹی میں طلباء سنٹرل پالیسی کو فروغ دے رہے ہیں تاکہ طلبا کو پیشہ ورانہ زندگی میں فائدہ ہو

لاہور (خبرنگار): وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا ہے کہ مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق گریجوایٹس پیدا کرنے کیلئے نصاب تعلیم ترتیب دینے کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ پنجاب یونیورسٹی کیریئر کونسلنگ اینڈ پلیسمنٹ سینٹر کے زیر اہتمام لاء کالج گراؤنڈ میں منعقدہ جاب فیئر سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی منیجر سٹیٹ بینک آف پاکستان سرفراز احمد ندیم، سینئر نائب صدر لاہور چیمبر آف کامرس خالد عثمان، کنوینر جاب فیئر کمیٹی اور ڈی جی سکیورٹی اینڈ اسٹیٹ ڈاکٹر ریحان صادق شیخ، ڈائریکٹر کیریئر کونسلنگ اینڈ پلیسمنٹ سنٹر ڈاکٹر فوزیہ ہادی علی، فیکلٹی ممبران اور طلباء و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی میں طلباء سنٹرل پالیسی کو فروغ دے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ طلباء کے لئے بہترین ماحول اور وسائل کی فراہمی اداروں کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم ورک کے بغیر کوئی بھی ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی میں اتنے بڑے جاب فیئر کا انعقاد خوش آئند ہے سرفراز احمد ندیم نے کہا کہ آن لائن، ڈیجیٹل اور سود سے پاک بینکاری سمیت تمام آسانیوں کے پیچھے سٹیٹ بینک کی مثبت پالیسیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بینکنگ کا شعبہ بڑی انڈسٹریوں میں سے ایک ہے جس میں بے پناہ جاب کے مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے ہر کونے میں ڈیجیٹل اور اسلامک بینکنگ کے فروغ کے لئے تیزی سے اقدامات کر رہے ہیں۔

پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی پنجاب کے زیر اہتمام یوتھ موبلائزیشن سیمینار

ریڈ کراس ریڈ کریسنٹ موومنٹ کے بنیادی اصولوں اور پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی (PRCS) کی انسانی خدمات پر روشنی ڈالی: راؤ ذکاء الرحمن



لاہور (شہروز میاں سے) پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی پنجاب کے یوتھ اینڈ والنٹیئر ڈیپارٹمنٹ کے تحت یوتھ موبلائزیشن پروگرام 2025 کے سلسلے میں ایک خصوصی سیمینار گورنمنٹ ایم۔ اے۔ او کالج، لاہور میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر مدثر حبیب، یوتھ آفیسر، نے ریڈ کریسنٹ سوسائٹی کے بنیادی اصولوں پر تفصیلی بریفنگ دی اور طلبہ کو PRCS کی انسانی خدمات اور رضاکارانہ کاموں میں شمولیت کے مواقع سے آگاہ کیا۔ راؤ ذکاء الرحمن، اسسٹنٹ ڈائریکٹر یوتھ اینڈ والنٹیئر، نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ریڈ کراس ریڈ کریسنٹ موومنٹ کے بنیادی اصولوں اور پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی (PRCS) کی انسانی خدمات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے رضاکارانہ سرگرمیوں کی اہمیت اور PRCS کے تحت فراہم کیے جانے والے مختلف تربیتی مواقع، جیسے کہ فرسٹ ایڈ، روبیہ جاتی تبدیلی، اور آفات سے نمٹنے کی تیاری کے کورسز، کا تفصیلی تعارف کرایا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ تربیت نوجوانوں کو نہ صرف مہارتوں سے آراستہ کرتی ہے بلکہ انہیں معاشرتی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بھی بناتی ہے۔ کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر ملک انجم جاوید نے سیمینار کے انعقاد کو سراہتے ہوئے پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی کی خدمات کی تعریف کی۔ انہوں نے طلبہ کو رضاکاریت کے جذبے کو اپنانے اور معاشرتی فلاح و بہبود کے لیے آگے بڑھنے کی ترغیب دی۔ سیمینار کے اختتام پر طلبہ نے PRCS کی سرگرمیوں میں بھرپور دلچسپی ظاہر کی، اور 80 طلبہ نے بطور رضاکار رجسٹریشن کروائی۔



نمائشیں صنعت و تجارت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں: صدر لاہور چیمبر

نمائشوں سے صنعتی شعبہ کو اپنی مصنوعات دنیا بھر میں متعارف کروانے کا موقع ملتا ہے



لاہور (خبرنگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوزر شاد نے کہا ہے کہ نمائشیں صنعت و تجارت کے فروغ اور معاشی استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں کیونکہ ان سے صنعتی شعبہ کو اپنی مصنوعات دنیا بھر میں متعارف کروانے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ازبکستان سفارتخانے کے زیر اہتمام لاہور ایکسپو سنٹر میں میڈ ان ازبکستان نمائش سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ازبکستان کے سفیر برائے پاکستان، علی شیر تو ختاوف اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ نمائشیں نہ صرف نیٹ ورکنگ اور بین الاقوامی تعاون کے مواقع فراہم کرتی ہیں بلکہ کاروباری وسعت کے نئے راستے بھی کھولتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جیسی ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے نمائشیں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور صنعتی ترقی میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مزید برآں، یہ پالیسی سازوں، سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار بھی ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور معاشی تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر زور دیا۔ انہوں نے پاکستانی تاجروں پر زور دیا کہ وہ ازبکستان کی وسیع تجارتی صلاحیتوں سے استفادہ کریں۔ میاں ابوزر شاد نے کہا کہ ازبکستان کا تیزی سے ترقی کرتا ہوا صنعتی شعبہ کے لیے پاکستان میں تجارت و سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میڈ ان ازبکستان جیسی نمائشیں نئے تجارتی تعلقات استوار کرنے اور اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نمائش میں رکھی گئی مصنوعات ازبکستان کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی معیشت کی عکاس ہیں۔



حاجی مداد حسین سابقہ ایم پی اے نصر اللہ بٹ، عمران مغل اور نیئر ریمبو سے ملاقات کے موقع پر لی گئی تصویر

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)12 فروری 2025ء

حافظ آباد جشن سٹیم میں پہلی پوزیشن کے حامل طلباء کیلئے وزیراعلیٰ کا 2 لاکھ کا انعام

وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات، سی ای او ایجوکیشن محمد اکرم اشرف، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری انور علی جاوید بھی تقریب میں شریک تھے



حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 حافظ آباد کے ہونہار طلباء نے جشن اسٹیم میں پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پوزیشن ہولڈر زطلباء کو 2 لاکھ روپے کی انعامی رقم کے چیک دیئے۔ وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات، سی ای او ایجوکیشن محمد اکرم اشرف، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری انور علی جاوید بھی تقریب میں شریک تھے۔ پوزیشن ہولڈر طلباء اشتیاق علی اور فیضان شفقت نے وزیر اعلیٰ سے اپنے پروجیکٹ پر آٹو گراف بھی لیے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے جشن اسٹیم مقابلہ جیتنے پر طالب علموں اشتیاق علی، فیضان شفقت، پرنسپل صائمہ اللہ، کلاس ٹیچر انصار اللہ ساہو کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ جشن اسٹیم مقابلہ جات کے انعقاد سے طلباء و طالبات کی تعلیمی سرگرمیوں سمیت اخلاقی و تخلیقی سرگرمیوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

ریونیو رکوری کے حوالے سے اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد

اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شہزینہ غلام مرتضیٰ جونیجو نے کی



نگہت صاحب: (رانا اسامہ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شہزینہ غلام مرتضیٰ جونیجو کی زیر صدارت ریونیو رکوری کے حوالے سے اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ جنوں تحصیلوں کے اسسٹ کمشنرز و دیگر ریونیو افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ سرکاری واجبات کی وصولی تمام ریونیو افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے حکومت کی طرف سے دیئے گئے اہداف کے مطابق رکوری کی رفتار کو تیز کیا جائے۔ اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے تمام ریونیو افسران کی ماہانہ کارکردگی کا فرداً فرداً جائزہ بھی لیا۔

جہلم پریس کلب کے سالانہ انتخابات مکمل مہر محمد الیاس صحافیوں کے سرپینچ منتخب

صحافیوں کی بڑی تعداد نے انتخابی مہم میں حصہ لیا نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیں ڈھول کی تھاپ پر صحافیوں کے جھنگڑے

جہلم (پریس رپورٹ) جہلم پریس کلب کے سالانہ انتخابات مکمل مہر محمد الیاس صحافیوں کے سرپنچ منتخب صحافیوں کی بڑی تعداد نے انتخابی مہم میں حصہ لیا نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیں ڈھول کی تھاپ پر صحافیوں کے جھنگڑے جہلم پریس کلب کے سال 2025/ 26 کے انتخابات مکمل ہو گئے

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

وفاقی حکومت کی مثبت پالیسیوں کا اعتراف

حکومت کے قیام کو تقریباً ایک سال مکمل ہونے پر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اس عرصے کے دوران ایسی پالیسیاں اختیار کی گئیں جن کا مقصد ملکی معیشت کو مثبت سمت میں لے کر جانا تھا۔ حکومت نے کئی ایسے اقدامات کیے جن کے ذریعے طویل مدتی اہداف حاصل کرنے کی بنیاد رکھی گئی۔ اگر پالیسی کا تسلسل جاری رہا تو آنے والے وقت میں ان اہداف کا حصول یہ ثابت کرے گا کہ حکومت کے یہ اقدامات کتنی اہمیت کے حامل تھے۔ علاوہ ازیں، قلیل مدتی اہداف بھی مقرر کیے گئے جن میں کچھ کے نتائج ہمارے سامنے ہیں اور انھی کی بنیاد پر ملک کے اندر اور باہر کئی ادارے حکومت کے اقدامات کی تعریف کر رہے ہیں۔ سٹیٹ بینک کی طرف سے پالیسی ریٹ کو مسلسل کم کر کے 12 فیصد پر لے آنا اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ حکومت کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات مثبت ہیں اور معیشت کو ان سے فائدہ پہنچ رہا ہے۔ حال ہی میں منظرِ عام پر آنے والی کئی اداروں کی رپورٹیں یہ بات واضح کرتی ہیں کہ حکومت کی پالیسیاں درست ہیں۔ اس سلسلے میں ورلڈ اکنامک فورم کے نیو اکانومی اینڈ سوسائٹیز پلیٹ فارم کے کنٹری پارٹنر انسٹی ٹیوٹ مشعل پاکستان کی طرف سے جاری کی جانے والی پاکستان ریفارمز رپورٹ 2025 بھی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ رپورٹ مارچ 2024 میں حکومت سنبھالنے کے بعد وزیراعظم محمد شہباز شریف حکومت کی جانب سے نافذ کی گئی 120 سے زائد کلیدی اصلاحات کو دستاویزی طور پر پیش کرتی ہے۔ رپورٹ جنوری 2024 سے جنوری 2025 کے آخر تک کے دورانیے کا جامع تجزیہ فراہم کرتی ہے اور پالیسی و گورننس میں ہونے والی تبدیلیوں کو ڈیٹا پر مبنی تفصیلات کے ساتھ پیش کرتی ہے۔ اس رپورٹ کے ذریعے پہلی مرتبہ پاکستان میں حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کو منظم انداز میں دستاویزی شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ 11 مہینوں میں 120 سے زائد اصلاحات مختلف شعبوں میں نافذ کی گئیں جن میں گورننس، اقتصادی پالیسی، قانونی فریم ورک اور ادارہ جاتی کارکردگی شامل ہیں۔ یہ اقدام پالیسی تبدیلیوں کا درست اور شفاف ریکارڈ فراہم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا تاکہ پالیسی ساز ادارے، کاروباری برادری اور بین الاقوامی ادارے پاکستان کے بدلتے ہوئے گورننس ماڈل کے ساتھ موثر انداز میں جڑ سکیں اور ان کا تجزیہ کرسکیں۔ یہ رپورٹ بین الاقوامی رپورٹس کے برعکس، جن میں صرف جنوری سے مئی تک کا ڈیٹا شامل ہوتا ہے، پورے سال کا تجزیہ پیش کرتی ہے تاکہ گورننس، احتساب اور شمولیت پر ایک مکمل اور حقیقت پر مبنی جائزہ فراہم کیا جاسکے۔ رپورٹ کے اجرا کے موقع پر مشعل پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عامر جہانگیر نے کہا کہ پاکستان ریفارمز رپورٹ 2025 ایک غیر معمولی اقدام ہے جو گورننس ریفارمز میں معلوماتی خلا کو پر کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے۔ جہاں بین الاقوامی تجزیے عام طور پر محدود ڈیٹا پر مبنی ہوتے ہیں، یہ رپورٹ پاکستان میں شہباز شریف حکومت کے تحت ہونے والی وسیع اصلاحات کا جامع تجزیہ فراہم کرتی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم پالیسی سازوں، کاروباری اداروں اور عالمی اداروں کو ان اصلاحات کی دستاویزی شکل میں مکمل معلومات فراہم کررہے ہیں تاکہ وہ پاکستان کے بدلتے ہوئے حکومتی ڈھانچے کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ اس رپورٹ میں گورننس، احتساب اور شفافیت کے حوالے سے ایک مکمل جائزہ فراہم کیا گیا ہے۔ یہ رپورٹ پالیسی میں ہونے والی تبدیلیوں کے حقیقی اثرات کو سامنے لاتی ہے تاکہ پاکستان کی ترقی کو بہتر انداز میں سمجھا جاسکے۔ رپورٹ میں حکومت کی جانب سے معاشی عدم استحکام، بلند افراطِ زر، کم ہوتے زرمبادلہ کے ذخائر، قرضوں کے دباؤ، سیاسی پولرائزیشن اور بیوروکریسی کی غیر موثر کارکردگی جیسے مسائل سے نمٹنے کے لیے کیے گئے اقدامات کی تفصیلات شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گورننس اور عوامی شعبے میں اصلاحات کی گئیں، ڈیڑھ لاکھ وفاقی ملازمتوں میں کمی کر کے اخراجات کم کیے گئے اور حکومتی بورڈز میں 33 فیصد خواتین کی نمائندگی کو لازمی قرار دیا گیا۔ حکومت کی طرف سے معاشی و مالیاتی اصلاحات کی گئیں ان کے نتیجے میں افراطِ زر مئی 2023 میں 38 فیصد سے کم ہو کر دسمبر 2024 میں 4.1 فیصد تک آ گئی۔ زرمبادلہ کے ذخائر 4.4 بلین ڈالر سے بڑھ کر 11.73 بلین ڈالر ہوگئے۔ مجموعی قومی پیداوار) جی ڈی پی (کی شرح نمو 0.29 فیصد سے بڑھ کر 2.38 فیصد ہوگئی، اور 2025 میں 3.5 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ اسی طرح، تجارتی خسارہ 27.47 بلین ڈالر سے کم ہو کر 17.54 بلین ڈالر رہ گیا۔ ان اقدامات کے ذریعے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا۔ اس دوران اسمگلنگ اور غیر قانونی تجارتی سرگرمیوں کے خلاف سخت کارروائیاں بھی کی گئیں اور اس کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری کے سلسلے میں اہم اصلاحات بھی ہوئیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ معیشت کی بہتری اور ملکی ترقی کی جو رپورٹیں سامنے آ رہی ہیں ان سب کا سہرا بالعموم اتحادی حکومت اور بالخصوص پاکستان مسلم لیگ) نواز (کے سر ہے جس نے نامساعد حالات میں گھمبیر چیلنجز کا مقابلہ کیا لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ان سب پالیسیوں کے ثمرات تاحال عام آدمی تک اس طرح نہیں پہنچنا شروع ہوئے جیسے انھیں پہنچنا چاہئیں۔ اس حوالے سے حکومت کو سنجیدگی سے ٹھوس اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ ملک اور معیشت پر اداروں اور سرمایہ کاروں کے ساتھ ساتھ عام آدمی کا اعتماد بھی بحال ہوسکے۔ اس سلسلے میں یہ بھی ایک اہم نکتہ ہے کہ اگر ملک سے انتشاری سیاست کا خاتمہ ہوجائے تو ملک مزید بہتری کی طرف جاسکتا ہے۔ اس ضمن میں حکومت اور حزبِ اختلاف کو مل کر نظام کے استحکام کے لیے کام کرنا چاہیے۔ اگر کوئی تحفظات ہیں تو پارلیمان اور عدالت جیسے مجاز فورم موجود ہیں جن سے رجوع کر کے تمام تحفظات دور کیے جاسکتے ہیں۔

عمران خاں کی رہائی کے لئے امریکی سینیٹر جو وِلسن کی منطق

امریکہ سے اپنے قائد کی رہائی کے لئے پاکستان پر دباؤ کی توقع باندھنے والے عاشقان عمران خان گزشتہ ہفتے سے خوش ہیں۔ چند دن قبل جنوبی کرولینا سے کانگریس کے لئے منتخب ہوئے جوولسن نے صدر پاکستان اور وزیر اعظم کے علاوہ آرمی چیف کو بھی ایک خط لکھا۔ اس خط میں پاکستان اور امریکہ کے باہمی تعلق کا ذکر کرتے ہوئے موصوف نے دعویٰ کیا کہ ان دو ممالک کے مابین دوستی کے رشتے ان دنوں مضبوط تر رہے جب پاکستان جمہوری نظریات اور قانون کی حکمرانی پر سختی سے عمل پیرا ہوا نظر آتا تھا۔ گزرے جمعہ کے روز رکن کانگریس نے یہ بات ایوان میں ایک منٹ کی تقریر کرتے ہوئے دہرائی اور مصر رہے کہ پاکستان کو اپنا جمہوری تشخص برقرار رکھنے کے لئے عمران خان کو رہا کردینا چاہیے۔ جوولسن کچھ دنوں سے X کہلاتے ٹویٹر کے پلیٹ فارم پر بھی عمران کو رہا کرو والے پیغامات پوسٹ کررہے ہیں۔ کانگریس مین کی کہی بات کو بآسانی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ موصوف امریکی ایوان نمائندگان کی دو کمیٹیوں کے اہم رکن ہیں جو امریکہ کے خارجہ امور کے علاوہ وہاں کے دفاعی اداروں پر بھی نگاہ رکھتی ہیں۔ اس کمیٹی کی ایک ذیلی کمیٹی کی سربراہی بھی ان کے پاس ہے جو مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ اور سنٹرل ایشیا کے معاملات کا جائزہ لیتی ہے۔ جوولسن کا لکھا خط اور ایوان میں کیا خطاب حکومت پاکستان کو عمران خان کی رہائی کے لئے آمادہ کرپائے گا یا نہیں؟ اس سوال پر فی الوقت توجہ مبذول نہیں کرپاؤں گا۔ حیرت مجھے جوولسن کے اس دعویٰ کی بابت ہورہی ہے کہ گزشتہ 75 برسوں کے دوران پاکستان اور امریکہ کے تعلقات محض ان دنوں نہایت گرمجوش رہے جب پاکستان میں جمہوریت پوری قوت سے عمل پیرا ہوئی نظر آتی۔ میں نے امریکہ کا ذکر ہوش سنبھالنے کے بعد ان دنوں سنا جب پاکستان میں امریکی صدر کنیڈی سے زیادہ اس کی اہلیہ جیکولین کنیڈی کا ذکر ہوتا تھا۔ ہمارے لاہوریوں کی اکثریت اس گماں میں فخر سے مبتلا تھی کہ جیکولین ہمارے پہلے فوجی آمر اور خودساختہ فیلڈ مارشل ایوب خان کی مردانہ وجاہت سے بہت متاثر ہے۔ جس انداز میں ان دونوں کا ذکر ہوتا بزرگ افراد اسے میری عمر کے بچوں کے سامنے دہرانا پسند نہیں کرتے تھے۔ صدر کنیڈی کو مگر گولی ماردی گئی۔ ان کے انتقال کے بعد جیکولین پاکستان نہیں آئی۔ یونان کے ایک نہایت مالدار اور بے تحاشہ بحری جہازوں کے مالک سے شادی کرلی۔ کنیڈی کے بعد جانسن امریکہ کا صدر بنا۔ وہ غالباً بطور نائب صدر ایک مرتبہ پاکستان بھی آیا تھا۔ کراچی میں اس کی ملاقات بشر نام کے ایک ساربان سے ہوگئی۔ اسے صدر منتخب ہوجانے کے بعد اس نے امریکہ بلوایا۔ میں اب سکول میں داخل ہوچکا تھا۔ سکول جاتے اور آتے ہوئے میرے کئی محلہ دار مجھے اردو اخبار تھما کر یہ جاننا چاہتے کہ ہمارا ساربان امریکہ میں کیسے دن گزار رہا ہے۔ ایوب خان کے اے ڈی سی رہے ارشد سمیع مرحوم نے سابق صدر کے ایوان اقتدار کے آخری دنوں کا ذکر اپنی کتاب میں کررکھا ہے۔ ایوب خان کے مستعفی ہونے کے بعد ارشد صاحب ایوان صدر سے سامان پیکنگ کے لئے اکٹھا کررہے تھے۔ اس دوران انہوں نے ایوب خان کے بستر کے ساتھ رکھی میز پر جیکولین کنیڈی کی تصویر دیکھی۔ وہ اس کے دستخطوں سمیت فریم میں لگی ہوئی تھی۔ امریکہ کے اتنا قریب ہونے کے باوجود مگر 1965 کی جنگ کے بعد فیلڈ مارشل اتنا بدل ہوئے کہ غصے میں جس رزق سے آتی ہو والی سوانح عمری نما کتاب اپنے انفارمیشن سیکرٹری الطاف گوہر سے لکھوادی۔ میٹرک کا امتحان دینے کے قریب میں ایوب خان کے سخت خلاف ہوچکا تھا۔ ان کے خلاف طلبہ کی تحریک چلی تو سکول کا طالب علم ہوتے ہوئے بھی کلاس سے بھاگ کر جلوسوں میں شامل ہوجاتا۔ ایوب خان نے 1962 میں بنائے اپنے ہی آئین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بطور صدر استعفیٰ دینے کے بعد یہ عہدہ ان دنوں کے سپیکر نیشنل اسمبلی کے حوالے کرنے کے بجائے آرمی چیف جنرل یحییٰ



خان کے سپرد کیا۔ یحییٰ خان نے امریکہ اور چین کے درمیان پل کا کام کرتے ہوئے ڈاکٹر کسنجر کو پاکستان سے خفیہ طور پر چین بھجوادیا تھا۔ اس خدمت کے عوض نکسن اور ہنری کسنجر یحییٰ خان کی بھرپور حمایت کرتے رہے۔ یحییٰ خان نے جمہوریت کو فروغ دینے کے بجائے 1970 میں ہوئے انتخاب کے نتائج پر عمل نہیں کیا۔ اس کا انجام سقوط ڈھاکہ تھا۔ مشرقی پاکستان کھودینے کے باوجود مگر ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت یحییٰ خان کا احتساب نہ کرپائی۔ امریکی وزارت خارجہ کی وہ دستاویزات اب بآسانی گوگل کے ذریعے ڈھونڈی جاسکتی ہیں جو ثابت کرتی ہیں کہ صدر اور بعدازاں وزیر اعظم ہوئے ذوالفقار علی بھٹو کو بارہا یاد دلایا جاتا تھا کہ ہمارے دوست یعنی یحییٰ خان کو عزت واحترام سے ان کے گھر ہی نظر بند رکھا جائے۔ جمہوریت کی تھوڑی بہت شکل میں نے ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کے دوران دریافت کی تھی۔ امریکہ نے مگر اس حکومت کا جینا دوبھر کررکھا تھا۔ مسلسل یہ الزام لگاتا رہا کہ وہ پاکستان کو ایٹمی ملک بنانا چاہتی ہے۔ جنرل ضیاء نے جب بھٹو حکومت کا تختہ الٹا تو امریکہ اس کے حوالے سے منافقانہ طور پر خاموش رہا۔ کمیونسٹ روس کے کابل میں داخل ہوتے ہی مگر جنرل ضیاء امریکہ کی دانست میں نام نہاد آزاد دنیا کا محافظ بن گیا۔ اس کے 11 سالہ دور میں ہمارے 4 صحافیوں کو بر سر عام کوڑے بھی لگائے گئے۔ امریکہ کو مگر جمہوریت یاد نہ آئی۔ روسی افواج کی کابل سے واپسی تک اس فوجی آمر کے ساتھ ڈٹ کر کھڑا رہا۔ نائن الیون کے بعد ویسی ہی محبت ایک اور فوجی آمر - جنرل مشرف - کے ساتھ برتی گئی۔ کانگریس مین جوولسن کو مگر وہ سب یاد نہیں رہا حالانکہ وہ خود بطور کرنل امریکی فوج سے ریٹائر ہوکر سیاست میں آئے ہیں۔ عمران خان کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے جوولسن نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ذاتی طور پر وہ ان کی سیاست کا حامی نہیں۔ اس نے بانی تحریک انصاف کو روسی صدر اور چینی کمیونسٹ پارٹی کا خیرخواہ ٹھہرایا۔ ساتھ ہی مگر اصرار کیا کہ سیاستدان کا مقابلہ سیاست دان ہی کریں۔ عمران خان کو لہذا رہا کریں۔ اس کے بعد وہ جانیں اور ان کے سیاسی دشمن۔ امریکی سیاست کو سمجھنے والے عاشقان عمران جوولسن کے ان کلمات سے خوش نہیں جن کی بدولت عمران خان روس اور چین کے دوست بتائے گئے۔ ان کی تقریر کے دوران شمالی کوریا کے آمرانہ نظام کی ایک تصویر بھی چلائی گئی تھی۔ جوولسن سے اب درخواست ہورہی ہے کہ وہ عمران خان کو روسی صدر اور چین کی کمیونسٹ پارٹی کا دوست تصور نہ کریں۔ اس دوران انہوں نے ایوب خان کے

بستر کے ساتھ رکھی میز پر جیکولین کنیڈی کی تصویر دیکھی۔ وہ اس کے دستخطوں سمیت فریم میں لگی ہوئی تھی۔ امریکہ کے اتنا قریب ہونے کے باوجود مگر 1965 کی جنگ کے بعد فیلڈ مارشل اتنا بدل ہوئے کہ غصے میں جس رزق سے آتی ہو والی سوانح عمری نما کتاب اپنے انفارمیشن سیکرٹری الطاف گوہر سے لکھوادی۔ میٹرک کا امتحان دینے کے قریب میں ایوب خان کے سخت خلاف ہوچکا تھا۔ ان کے خلاف طلبہ کی تحریک چلی تو سکول کا طالب علم ہوتے ہوئے بھی کلاس سے بھاگ کر جلوسوں میں شامل ہوجاتا۔ ایوب خان نے 1962 میں بنائے اپنے ہی آئین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بطور صدر استعفیٰ دینے کے بعد یہ عہدہ ان دنوں کے سپیکر نیشنل اسمبلی کے حوالے کرنے کے بجائے آرمی چیف جنرل یحییٰ خان کے سپرد کیا۔ یحییٰ خان نے امریکہ اور چین کے درمیان پل کا کام کرتے ہوئے ڈاکٹر کسنجر کو پاکستان سے خفیہ طور پر چین بھجوادیا تھا۔ اس خدمت کے عوض نکسن اور ہنری کسنجر یحییٰ خان کی بھرپور حمایت کرتے رہے۔ یحییٰ خان نے جمہوریت کو فروغ دینے کے بجائے 1970 میں ہوئے انتخاب کے نتائج پر عمل نہیں کیا۔ اس کا انجام سقوط ڈھاکہ تھا۔ مشرقی پاکستان کھودینے کے باوجود مگر ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت یحییٰ خان کا احتساب نہ کرپائی۔ امریکی وزارت خارجہ کی وہ دستاویزات اب بآسانی گوگل کے ذریعے ڈھونڈی جاسکتی ہیں جو ثابت کرتی ہیں کہ صدر اور بعدازاں وزیر اعظم ہوئے ذوالفقار علی بھٹو کو بارہا یاد دلایا جاتا تھا کہ ہمارے دوست یعنی یحییٰ خان کو عزت واحترام سے ان کے گھر ہی نظر بند رکھا جائے۔ جمہوریت کی تھوڑی بہت شکل میں نے ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کے دوران دریافت کی تھی۔ امریکہ نے مگر اس حکومت کا جینا دوبھر کررکھا تھا۔ مسلسل یہ الزام لگاتا رہا کہ وہ پاکستان کو ایٹمی ملک بنانا چاہتی ہے۔ جنرل ضیا نے جب بھٹو حکومت کا تختہ الٹا تو امریکہ اس کے حوالے سے منافقانہ طور پر خاموش رہا۔ کمیونسٹ روس کے کابل میں داخل ہوتے ہی مگر جنرل ضیا امریکہ کی دانست میں نام نہاد آزاد دنیا کا محافظ بن گیا۔ اس کے 11 سالہ دور میں ہمارے 4 صحافیوں کو بر سر عام کوڑے بھی لگائے گئے۔ امریکہ کو مگر جمہوریت یاد نہ آئی۔ روسی افواج کی کابل سے واپسی تک اس فوجی آمر کے ساتھ ڈٹ کر کھڑا رہا۔ نائن الیون کے بعد ویسی ہی محبت ایک اور فوجی آمر - جنرل مشرف - کے ساتھ برتی گئی۔ کانگریس مین جوولسن کو مگر وہ سب یاد نہیں رہا حالانکہ وہ خود بطور کرنل امریکی فوج سے ریٹائر ہوکر سیاست میں آئے ہیں۔ عمران خان کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے جوولسن نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ذاتی طور پر وہ ان کی سیاست کا حامی نہیں۔ اس نے بانی تحریک انصاف کو روسی صدر اور چینی کمیونسٹ پارٹی کا خیرخواہ ٹھہرایا۔ ساتھ ہی مگر اصرار کیا کہ سیاستدان کا مقابلہ سیاست دان ہی کریں۔ عمران خان کو لہذا رہا کریں۔ اس کے بعد وہ جانیں اور ان کے سیاسی دشمن۔ امریکی سیاست کو سمجھنے والے عاشقان عمران جوولسن کے ان کلمات سے خوش نہیں جن کی بدولت عمران خان روس اور چین کے دوست بتائے گئے۔ ان کی تقریر کے دوران شمالی کوریا کے آمرانہ نظام کی ایک تصویر بھی چلائی گئی تھی۔ جوولسن سے اب درخواست ہورہی ہے کہ وہ عمران خان کو روسی صدر اور چین کی کمیونسٹ پارٹی کا دوست تصور نہ کریں۔

انتقال پر ملال

آج کا کالم ایک نیک سیرت، نماز روزہ کا پابند ایک غریب پرور شخصیت کے گرد گھومتا ہے جو اب اس جہان فانی میں نہیں رہا میرے بہت ہی پیارے دوست شفیق مہربان چوہدری شفیق کے بڑے بھائی چوہدری صادق اب اس دنیا میں نہیں رہے یہ حقیقت ہے جس نے آنا ہے اس نے جانا ہے موت حقیقت ہے جس سے انسان انکار نہیں کرسکتا چوہدری شفیق سے اتنی دیرینہ دوستی نہیں مگر ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے یہ دوستی صدیوں پر محیط ہے ان کی محبت اور شفقت نے تھوڑے ہی عرصے میں گرویدہ بنالیا ہے اب یہ صورتحال ہے کہ جب تک ان کو فون نہ کرلوں ذہنی پریشانی لاحق رہتی ہے۔ چوہدری کا خاندان امریکہ میں سیٹ ہے اللہ تعالیٰ کا اس خاندان پر خصوصی کرم ہے امریکن بزنس کمیونٹی میں اپنا ایک مقام رکھتے ہیں دوستی کیلئے ہم آہنگی کی ضرورت ہوتی ہے نہ کہ امارات اور غربت کی یہ خاندان دولت امریکہ سے سمیٹتا ہے اور فلاحی کاموں پر خرچ فیصل آباد میں کرتا ہے بلکہ غریب پرور خاندان کہنا درست ہے یہ ایک چھوٹا سا تعارف کروانا ضروری تھا آئیے اپنے کالم کی طرف آتے ہیں یورپ سے ایک دوست کا موبائل فون پر میسج آیا کہ چوہدری شفیق کے بڑے بھائی وفات پاچکے ہیں میں نے دوبارہ فون کیا اور پوچھا تو معلوم ہوا کہ ان کے بڑے بھائی چوہدری صادق فیصل آباد میں رہائش پذیر تھے مرحوم عرصہ دراز سے علیل تھے میں چراغ ہوٹل پہنچ گیا مرحوم کے گھر



پہنچنے میں کوئی دقت پیش نہیں آئی ان کے گھر پہنچ کر معلوم ہوا شفیق صاحب بھی آئے ہوئے ہیں بیٹھک میں چوہدری صاحب کے چھوٹے بھائی شکیل سے اظہار تعزیت کیا آدھ گھنٹے کے بعد چوہدری شفیق سے گلے مل کر تعزیت کا اظہار کیا رات دس بجے تک بیٹھا رہا لوگ آتے تھے کچھ وقت بیٹھنے کے بعد پھر چلے جاتے تھے یہ بھی اظہار تعزیت کا ایک طریقہ کار ہے، تعزیت کو آنیوالے مرحوم کے نیک کاموں کو خراج تحسین پیش کرتے رہے، میں نے کئی لوگوں کو گلی میں اشک بار دیکھا مرحوم کے دوست جس نے نام لکھنے سے روکا ہے جو کہ گویا ہوئے چوہدری صادق ایک عہد ساز شخصیت کے مالک تھے خوش مزاج شخصیات کے مالک تھے نماز باقاعدگی سے مسجد میں جا کر ادا کرتے تھے فلاحی کاموں پر کتاب لکھی جاسکتی ہے کئی مساجد کی تعمیر میں بھرپور مالی تعاون کیا کئی مستحق بچیوں کی شادی کے اخراجات اپنی جیب سے ادا کرتے تھے جو بھی شخص انکے گھر پر آتا تھا مایوس نہیں کرتے تھے اس کا مسئلہ حل کرتے دیتے تھے محب وطن تھے لیکن ان کو اپنی جنم بھومی سے خصوصی لگاؤ تھا اسی سوچ میں گم واپس آ گیا کہ اس خاندان میں ایک سے بڑھ کر ایک حاتم طائی پایا جاتا ہے دوسرے دن جنازہ میں شرکت کی سینکڑوں افراد نماز جنازہ میں شریک تھے نماز جنازہ سے قبل امام صاحب نے اس شخص کے الفاظ کی تائید کردی دعائے مغفرت انوری مسجد میں ادا کی گئی خصوصا شرکاء میں کھانا پیش کیا گیا چوہدری صادق اب اس دنیا میں نہیں رہے مگر انکے کئے گئے فلاحی کاموں کی بدولت رہتی دنیا تک زندہ رہے گے دعا گو ہوں اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کے صدقے میں مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے لواحقین کو فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے۔

"تعلیم اور تخیل کی جنگ*"

پاکستان کے تعلیمی نظام پر ہزاروں کالم لکھے جا چکے ہیں۔ کبھی نصاب پر تنقید ہوئی، کبھی اساتذہ کی تربیت پر، کبھی بجٹ پر بحث ہوئی، اور کبھی نجی و سرکاری تعلیم کے فرق پر۔ مگر میں آج ایک ایسے پہلو پر لکھنا چاہتا ہوں جسے شاید ہی کسی نے سنجیدگی سے دیکھا ہو— تعلیم اور تخیل کے درمیان جنگ! ہمارے تعلیمی ادارے ایک ایسا ہنر سکھانے میں ناکام ہو رہے ہیں جو کسی نصاب کا حصہ نہیں، مگر زندگی کی سب سے بڑی طاقت ہے: سوچنے کی آزادی۔ ہم بچوں کو یاد کرنے پر مجبور کر رہے ہیں، مگر ان کے تخیل کو پرواز نہیں چڑھا رہے۔ ہم انہیں بتا رہے ہیں کہ دنیا کو کیسے دیکھنا ہے، مگر یہ نہیں سکھا رہے کہ وہ اپنی آنکھوں سے دنیا کو خود دیکھیں۔ کبھی آپ نے سوچا کہ ہمارے اسکولوں میں پڑھنے والے بچے بڑے ہو کر سائنسدان، مصنف، فلسفی، یا موجد کیوں نہیں بنتے؟ کیوں ہمارا تعلیمی نظام ڈاکٹر، انجینئر، اور بیوروکریٹس تو پیدا کر رہا ہے، مگر خواب دیکھنے والے، دنیا کو بدلنے والے لوگ نہیں؟ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم بچوں کے تخیل کو دبانے کا ایک پورا نظام بنا چکے ہیں۔ پہلی جماعت سے ہی بچہ ایک مخصوص سانچے میں ڈھلنے لگتا ہے۔ اسے بتایا جاتا ہے کہ سوال کم اور جوابات زیادہ دینے ہیں۔ نصاب میں جو لکھا ہے، وہی سچ ہے۔ اگر استاد نے کہا کہ زمین گول ہے، تو بچہ کبھی نہیں سوچے گا کہ "اگر یہ چپٹی ہوتی تو کیا ہوتا؟" اگر کتاب میں لکھا ہے کہ ایٹم سب سے چھوٹا ذرہ ہے، تو وہ اس پر سوال نہیں کرے گا، کیونکہ اسے سوال کرنے کی عادت ہی نہیں ڈالی گئی۔ کلاس میں بیٹھے بچے جن کے ذہن میں عجیب و غریب خیالات آتے ہیں، انہیں "خیالی پلاؤ پکانے" سے منع کیا جاتا ہے۔ انہیں عملی بننے کی تلقین کی جاتی ہے، حالانکہ دنیا کے سب سے بڑے سائنسی اور فلسفیانہ انکشافات انہی خیالی پلاؤ پکانے والوں نے کیے۔ نیوٹن نے اگر درخت سے سیب گرتا دیکھ کر سوال نہ کیا ہوتا، تو شاید آج بھی کشش ثقل پر یقین نہ ہوتا۔ آئن سٹائن اگر روشنی کی رفتار کے بارے میں "غیر حقیقی" سوالات نہ کرتا، تو نظریہ اضافیت کبھی نہ بنتا۔ مگر ہمارے اسکولوں میں اگر کوئی بچہ یہ کہے کہ "میں وقت کو موڑنے والی مشین بنانا چاہتا ہوں"، تو اسے کہا جاتا ہے، "بیٹا، پہلے میتھ کے نمبر تو اچھے لے آؤ!" یہی وجہ ہے کہ ہمارے ہاں تحقیق کا رجحان کم ہے۔ ہمارے یونیورسٹی کے طالبعلم بھی صرف گریڈز کے پیچھے بھاگ رہے ہیں۔ وہ علم حاصل نہیں کر رہے، بلکہ ملازمت کے لیے ڈگری لے رہے ہیں۔ جب وہ اپنی فیلڈ میں داخل ہوتے ہیں، تو انہیں اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے پاس ڈگری تو ہے، مگر وہ دنیا کو بدلنے کے خواب نہیں دیکھ سکتے، کیونکہ انہیں خواب



دیکھنے کی اجازت کبھی دی ہی نہیں گئی تھی۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہمارا تعلیمی نظام بچوں کو سوال کرنا نہیں سکھاتا۔ انہیں ایک ہی قسم کے جوابات رٹائے جاتے ہیں، انہیں اپنی سوچ کو آزمانے نہیں دیا جاتا۔ تخیل کی آزادی کو دبایا جا رہا ہے، اور یہی ہمارے زوال کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ تو حل کیا ہے؟ ہمیں ایک ایسا تعلیمی ماحول بنانا ہوگا جہاں بچے بے خوف ہو کر سوال کر سکیں، جہاں انہیں رٹنے کی بجائے تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کے مواقع ملیں۔ اساتذہ کو صرف معلومات دینے والا نہیں، بلکہ سوچنے پر مجبور کرنے والا بننا ہوگا۔ ہمیں نصاب کو اس طرح ڈیزائن کرنا ہوگا کہ بچوں کو صرف حقائق نہ دیے جائیں، بلکہ ان حقائق پر سوال کرنے کی تربیت دی جائے۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ دنیا کو چلانے والے لوگ وہ ہوتے ہیں جو سوچنے کی ہمت رکھتے ہیں۔ جو نیا کچھ ایجاد کرتے ہیں، جو پرانے خیالات کو چیلنج کرتے ہیں، جو وہ سوالات کرتے ہیں جو باقی دنیا نے کبھی سوچے بھی نہیں۔ اگر ہم ایک ایسا تعلیمی نظام بنا لیں جہاں ہر بچہ سوال کرے، ہر بچہ خواب دیکھے، اور ہر بچہ تخلیق کرے، تو شاید پاکستان کی تقدیر بھی بدل جائے۔ کیونکہ ایک ایسا تعلیمی نظام جو تخیل کو دبا دے، وہ صرف ذہنی غلام پیدا کر سکتا ہے، رہنما نہیں۔ اور ہمیں غلاموں کی نہیں، رہنماؤں کی ضرورت ہے! اگر استاد نے کہا کہ زمین گول ہے، تو بچہ کبھی نہیں سوچے گا کہ "اگر یہ چپٹی ہوتی تو کیا ہوتا؟" اگر کتاب میں لکھا ہے کہ ایٹم سب سے چھوٹا ذرہ ہے، تو وہ اس پر سوال نہیں کرے گا، کیونکہ اسے سوال کرنے کی عادت ہی نہیں ڈالی گئی۔ کلاس میں بیٹھے بچے جن کے ذہن میں عجیب و غریب خیالات آتے ہیں، انہیں "خیالی پلاؤ پکانے" سے منع کیا جاتا ہے۔ انہیں عملی بننے کی تلقین کی جاتی ہے، حالانکہ دنیا کے سب سے بڑے سائنسی اور فلسفیانہ انکشافات انہی خیالی پلاؤ پکانے والوں نے کیے۔ نیوٹن نے اگر درخت سے سیب گرتا دیکھ کر سوال نہ کیا ہوتا، تو شاید آج بھی کشش ثقل پر یقین نہ ہوتا۔ آئن سٹائن اگر روشنی کی رفتار کے بارے میں "غیر حقیقی" سوالات نہ کرتا، تو نظریہ اضافیت کبھی نہ بنتا۔ مگر ہمارے اسکولوں میں اگر کوئی بچہ یہ کہے کہ "میں وقت کو موڑنے والی مشین بنانا چاہتا ہوں"، تو اسے کہا جاتا ہے، "بیٹا، پہلے میتھ کے نمبر تو اچھے لے آؤ!" یہی وجہ ہے کہ ہمارے ہاں تحقیق کا رجحان کم ہے۔ ہمارے یونیورسٹی کے طالبعلم بھی صرف گریڈز کے پیچھے بھاگ رہے ہیں۔ وہ علم حاصل نہیں کر رہے، بلکہ ملازمت کے لیے ڈگری لے رہے ہیں۔ جب وہ اپنی فیلڈ میں داخل ہوتے ہیں، تو انہیں اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے پاس ڈگری تو ہے، مگر وہ دنیا کو بدلنے کے خواب نہیں دیکھ سکتے، کیونکہ انہیں خواب دیکھنے کی اجازت کبھی دی ہی نہیں گئی تھی۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہمارا تعلیمی نظام بچوں کو سوال کرنا نہیں سکھاتا۔ انہیں ایک ہی قسم کے جوابات رٹائے جاتے ہیں، انہیں اپنی سوچ کو آزمانے نہیں دیا جاتا۔ تخیل کی آزادی کو دبایا جا رہا ہے، اور یہی ہمارے زوال کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ تو حل کیا ہے؟ ہمیں ایک ایسا تعلیمی ماحول بنانا ہوگا جہاں بچے بے خوف ہو کر سوال کر سکیں، جہاں انہیں رٹنے کی بجائے تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کے مواقع ملیں۔ اساتذہ کو صرف معلومات دینے والا نہیں، بلکہ سوچنے پر مجبور کرنے والا بننا ہوگا۔ ہمیں نصاب کو اس طرح ڈیزائن کرنا ہوگا کہ بچوں کو صرف حقائق نہ دیے جائیں، بلکہ ان حقائق پر سوال کرنے کی تربیت دی جائے۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ دنیا کو چلانے والے لوگ وہ ہوتے ہیں جو سوچنے کی ہمت رکھتے ہیں۔ جو نیا کچھ ایجاد کرتے ہیں، جو پرانے خیالات کو چیلنج کرتے ہیں، جو وہ سوالات کرتے ہیں جو باقی دنیا نے کبھی سوچے بھی نہیں۔ اگر ہم ایک ایسا تعلیمی نظام بنا لیں جہاں ہر بچہ سوال کرے، ہر بچہ خواب دیکھے، اور ہر بچہ تخلیق کرے۔

مخلوط حکومت کا ایک سال

مخلوط حکومت کا ایک سال مشکلات معاشی بدحالی امن امان بیرونی چیلنجز عدالتی محاذ سیاسی افراتفری اور گرتی ہوئی سیاسی ساکھ جیسے گھمبیر مسائل میں گھرا ہوا سال پاکستان میں مخلوط حکومت جس میں پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن اور دیگر جیسی جماعتوں پر مشتمل ہے، درحقیقت بے چینی کا شکار ہے، جس کے مختلف شراکت داروں کے مفادات اور نظریات مختلف ہیں۔ تاہم، انہوں نے کئی وجوہات کی بنا پر ایک ساتھ رہنے کا انتخاب کیا ہے: ان تمام سیاسی جماعتوں کے مشترکہ مفادات نے ان کو ایک ساتھ حکومت پہ مجبور کیا بنیادی وجہ عمران خان کی پی ٹی آئی کو اقتدار سے دور رکھنے کا ان کا مشترکہ ہدف ہے۔ انہوں نے اس مقصد کے حصول کے لیے اپنے اختلافات کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ اور ان تمام جماعتوں نے اس کی سیاسی قیمت ادا کرنے کا فیصلہ کیا اور ایک غیر مقبول فیصلہ کیا اور اقتدار کو حاصل کرنا قبول کیا اتحاد میں رہنا ان جماعتوں کو اپنی سیاسی مطابقت اور اثر ورسوخ کو برقرار رکھنے کی اجازت دیتا ہے۔ وہ اہم عہدوں، وسائل اور پالیسیوں کو محفوظ بنانے کے لیے اپنی شراکت داری کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر اتحاد ٹوٹ جاتا ہے، تو یہ قبل از وقت انتخابات کا باعث بن سکتا ہے، جو شاید تمام جماعتوں کے حق میں نہ ہوں۔ ساتھ رہنے سے، وہ ابتدائی انتخابات سے وابستہ غیر یقینی صورتحال اور ممکنہ خطرات سے بچتے ہیں۔ پارٹی کے کچھ رہنماؤں کے ذاتی مفادات ہوسکتے ہیں، جیسے وزارتوں، محکموں، یا سرکاری اداروں پر کنٹرول برقرار رکھنا، جو انہیں اتحاد میں رہنے کی ترغیب دیتا ہے اور ہمارے ہاں لوگ بھی اپنے ترقیاتی یا ذاتی مفادات کے لیے ہی لوگوں کے ساتھ جڑے رہتے ہیں اور ہمارے ممبران اسمبلی کی بھی یہ ایک بڑی مجبوری بن جاتی ہے کہ وہ حکومت سے جڑے رہیں ان وجوہات کے باوجود، اتحاد کو اہم چیلنجوں اور تناؤ کا سامنا ہے، فریقین کے الگ الگ نظریات ہیں، جو



کلیدی پالیسیوں اور فیصلوں پر اختلاف کا باعث بن سکتے ہیں۔ متعدد جماعتوں کے ملوث ہونے کے ساتھ، اقتدار کی ناگزیر جدوجہد ہوتی ہے، کیونکہ ہر فریق اپنے اثر ورسوخ اور کنٹرول کو قائم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ شراکت دار ایک دوسرے پر مکمل اعتماد نہ کریں، جو موثر فیصلہ سازی اور تعاون میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ بیرونی عوامل، جیسے کہ فوج، عدلیہ، یا بین الاقوامی برادری کا دباؤ، اتحاد کو مزید دباؤ میں ڈال سکتا ہے مخلوط حکومت کا مستقبل غیر یقینی ہے۔ اگرچہ فریقین اب تک ایک ساتھ رہنے میں کامیاب رہے ہیں، لیکن انہیں درپیش تناؤ اور چیلنجز بالآخر ٹوٹ پھوٹ کا باعث بن سکتے ہیں۔ ممکنہ منظرناموں میں شامل ہیں اتحاد اندرونی تنازعات کی وجہ سے ٹوٹ سکتا ہے، جس سے قبل از وقت انتخابات یا نئی حکومت کی تشکیل ہوسکتی ہے۔ پارٹیاں اپنے آپ کو نئے سرے سے تشکیل دے سکتی ہیں، نئے اتحاد یا شراکت قائم کرسکتی ہیں جو زیادہ مستحکم حکومت کا باعث بن سکتی ہیں۔ اتحاد اپنی موجودہ شکل میں جاری رہ سکتا ہے، پارٹیاں اپنے اختلافات کو سنبھال کر اور ایک نازک استحکام کو برقرار رکھتی ہیں۔ وقت ہی بتائے گا کہ کون سا منظرنامہ سامنے آتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ عوام کو حکومت کی گورنس اور عوام کو سہولت ملنے کی شکایات کم ہوں گی مگر حکومت عوام کے لیے وہ سب کرنے کی کوشش کر رہی ہے جو عوام کی بنیادی ضرورت ہے اس کے باوجود حکومت میں شامل جماعتیں اپنے آپ کو قائم رکھنے کی تگ دو میں ہیں مگر وہ سیاسی طور پہ اپنی ساکھ بحال رکھنے میں کامیاب نہیں ہو پا رہی ہیں اور کرپشن کی کہانیوں اور ماضی کے احتساب کے الزامات نے بہت بری طرح ساکھ کو متاثر کیا ہے لوگ کارکردگی کی بنیاد پہ ساکھ بحال رکھنا ممکن نہیں ہے حکومت میں شامل جماعتوں کو اپنی سیاسی اکابرین کی ٹیم کو شفاف اور اعلی اقدار کا حامل کرنا ہوگا ورنہ ممکن نہ ہوگا کہ وہ سیاسی ساکھ بحال کرسکیں۔ ان وجوہات کے باوجود، اتحاد کو اہم چیلنجوں اور تناؤ کا سامنا ہے، فریقین کے الگ الگ نظریات ہیں، جو کلیدی پالیسیوں اور فیصلوں پر اختلاف کا باعث بن سکتے ہیں۔ متعدد جماعتوں کے ملوث ہونے کے ساتھ، اقتدار کی ناگزیر جدوجہد ہوتی ہے، کیونکہ ہر فریق اپنے اثر ورسوخ اور کنٹرول کو قائم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ شراکت دار ایک دوسرے پر مکمل اعتماد نہ کریں، جو موثر فیصلہ سازی اور تعاون میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ بیرونی عوامل، جیسے کہ فوج، عدلیہ، یا بین الاقوامی برادری کا دباؤ، اتحاد کو مزید دباؤ میں ڈال سکتا ہے مخلوط حکومت کا مستقبل غیر یقینی ہے۔ اگرچہ فریقین اب تک ایک ساتھ رہنے میں کامیاب رہے ہیں، لیکن انہیں درپیش تناؤ اور چیلنجز بالآخر ٹوٹ پھوٹ کا باعث بن سکتے ہیں۔ ممکنہ منظرناموں میں شامل ہیں اتحاد اندرونی تنازعات کی وجہ سے ٹوٹ سکتا ہے، جس سے قبل از وقت انتخابات یا نئی حکومت کی تشکیل ہوسکتی ہے۔ پارٹیاں اپنے آپ کو نئے سرے سے تشکیل دے سکتی ہیں، نئے اتحاد یا شراکت قائم کرسکتی ہیں جو زیادہ مستحکم حکومت کا باعث بن سکتی ہیں۔ اتحاد اپنی موجودہ شکل میں جاری رہ سکتا ہے، پارٹیاں اپنے اختلافات کو سنبھال کر اور ایک نازک استحکام کو برقرار رکھتی ہیں۔ وقت ہی بتائے گا کہ کون سا منظر نامہ سامنے آتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ عوام کو حکومت کی گورنس اور عوام کو سہولت ملنے کی شکایات کم ہوں گی مگر حکومت عوام کے لیے وہ سب کرنے کی کوشش کر رہی ہے جو عوام کی بنیادی ضرورت ہے اس کے باوجود حکومت میں شامل جماعتیں اپنے آپ کو قائم رکھنے کی تگ دو میں ہیں مگر وہ سیاسی طور پہ اپنی ساکھ بحال رکھنے میں کامیاب نہیں ہو پا رہی ہیں اور کرپشن کی کہانیوں اور ماضی کے احتساب کے الزامات نے بہت بری طرح ساکھ کو متاثر کیا ہے لوگ کارکردگی کی بنیاد پہ ساکھ بحال رکھنا ممکن نہیں ہے حکومت میں شامل جماعتوں کو اپنی سیاسی اکابرین کی ٹیم کو شفاف اور اعلی اقدار کا حامل کرنا ہوگا ورنہ ممکن نہ ہوگا کہ وہ سیاسی ساکھ بحال کرسکیں۔

مرغی چوری سے الیکشن چوری تک

چوری چھوٹی ہو یا بڑی، چوری چوری ہی رہتی ہے۔ چوری دنیا کے ہر معاشرے میں قابل سزا جرم اور قابل مذمت فعل ہے۔ چوری نہ صرف اخلاقی طور پر غلط ہے بلکہ قانونی اور مذہبی اعتبار سے بھی ناقابل قبول عمل ہے تاہم بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں چوری کو دو درجوں میں تقسیم کردیا گیا ہے۔ کم حیثیت والے چور کی چوری کو سنگین جرم سمجھا جاتا ہے جبکہ بڑے چور اکثر قانون میں موجود چور دروازوں سے بچ نکلتے ہیں۔

ٹیکس چوری کریں، یا سرکاری اہلکار کرپشن میں ملوث ہوں تو انہیں قانونی پیچیدگیوں، سیاسی وابستگیوں یا بااثر تعلقات کی وجہ سے اکثر سزا نہیں ملتی، ایسے افراد کو معاشرے میں عزت بھی ملتی ہے جس کے نتیجے میں غلط مثال قائم ہوتی ہے کہ چوری چھوٹی ہو تو سزا اور چوری اتنی بڑی ہو کہ اس کا احتساب کرنا مشکل ہو تو بچ نکلنے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ چیف ایڈیٹر روزنامہ لیڈر میڈیا گروپ: محترم علی احمد ڈھلوں صاحب کے کالم (سیاستدان کمزور ہیں اس لئے ملک کمزور ہے) کا باغور مطالعہ کرتے کرتے اللہ جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے چاچا طفیل کی یاد آ گئی۔ چاچا طفیل ہمارے ہمسائے تھے۔ ان کو بھی مرغیاں پالنے کا بہت شوق یا شائد عشق تھا۔ وہ اپنی مرغیوں سے انتہائی شفیق رویہ رکھتے تھے۔ چاچا طفیل کی آواز بھی سریلی تھی۔ ہمارے علاقے میں بھی مرغی چوری ہونا عام سی بات ہوا کرتی تھی۔ ان دنوں کچے صحن اور چھوٹی دیواروں والے کشادہ گھروں میں مرغیاں پنجروں کی قید سے آزاد ہوا کرتیں تھیں۔ مرغیاں اپنی مرضی سے گھر سے باہر چلی جایا کرتیں اور پھر خود ہی واپس بھی آجاتی تھیں پر اس آنے جانے میں اکثر مرغیاں چوری بھی ہوجایا کرتی تھیں جنھیں تلاش کرنے پر زیادہ تر ان کے کپڑے یعنی پر و کھال مل جایا کرتے تھے جس کے بعد مرغی کی تلاش ختم ہوجاتی۔ چاچا طفیل اکثر اپنی چھت



پر بلند آواز میں اپنی چوری شدہ مرغی کے دکھ میں اپنی ہی شاعری گنگنایا کرتے تھے۔

میری ککڑی دیا (مرغی کے) چورا۔
تیریاں رگاں چ (گلے میں) نکلے پھوڑا۔
پانی لنگے تھوڑا تھوڑا۔ (پانی پینے میں تکلیف پیدا ہوجائے)
میری ککڑی دیا چورا۔

محترم علی احمد ڈھلوں صاحب نے مرغی چوری سے الیکشن چوری تک کی جو مثال پیش کی اس سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے چند گزارشات گوش گزار کرنے کی جسارت کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارے سیاستدان ریاست کیلئے سیاست نہیں کرتے بلکہ اپنی چوری بچانے، مزید چوری کرنے، چور سے ترقی کرکے ڈاکو بننے کیلئے سیاستدان بنتے ہیں، مرغی چوری، کٹا، وچھا، گائے، بیل چوری سے مسجد و مدرسے، سے جوتے، لوٹے، چٹائیاں، چندہ بکس سے پیسوں کی چوری، قومی خزانے سے ٹیکس چوری، گیس چوری، بجلی چوری، قیمتی لکڑی، پتھر چوری، لوہا، تانبا، سونا، چاندی چوری، ترقیاتی منصوبوں سے فنڈز کی ٹیکنکل چوری اور تو اور سرکاری ہسپتالوں سے مستحق مریضوں کے حصے کی ادویات چوری سے کام چوری تک ماہر قوم کے منتخب نمائندوں کیلئے ان سب قسم کی چوریوں کے ماہر استاد ہونے کے ساتھ ساتھ ڈاکو، سمگلر، قبضہ مافیا، عالمی طاقتوں کے بااعتماد کارندے ہونا بھی ضروری ہے۔ چند روز قبل خبر آئی ہے کہ مظفر گڑھ کے علاقے رنگپور میں خاتون نے بھینسوں کا گوبر چوری کرنے پر مقدمہ درج کروا دیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ خاتون کے دو بھائیوں سمیت 7 افراد کے خلاف درج کیا گیا ہے۔ خاتون نے الزام عائد کیا ہے کہ ملزمان نے 35 ہزار روپے مالیت کا گوبر چوری کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ایک ملزم گرفتار جبکہ دیگر کی تلاش جاری ہے اور گوبر برآمد کر لیا گیا ہے۔ میرے محترم علی احمد ڈھلوں صاحب اب آپ ہی بتائیں جس قوم کی بھینسوں کا گوبر تک غیر محفوظ ہے اُس کی مرغیاں، الیکشن، قدرتی وسائل، قومی خزانہ اور وغیرہ وغیرہ کیسے محفوظ ہوسکتے ہیں؟ چوری ہونے والے گوبر کی قیمت صرف 5 3 ہزار بتائی جاتی ہے، جہاں لوگ 5 3 ہزار کا گوبر چوری کرنے سے باز نہیں آتے وہاں جس کا جہاں تک ہاتھ پہنچے وہ اربوں، کھربوں پر ہاتھ صاف کرتا ہے اور جسے اختیار ملے وہ الیکشن اور وسائل کی چوری کرتا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ہم سب کسی نہ کسی طرح اس چور نظام کا حصہ اور حصے دار ہیں۔ ہم بھی ماں جی کی سلائی مشین سے دھاگے کی نلکیاں چورا کر گڈیاں (پتنگیں) اُڑایا کرتے تھے۔ دوسروں کو چور چور کہنے اور جتنا ہاتھ لگے لوٹ لینے کی عادت عام ہوگئی ہے۔ بات تو سچ ہے مگر بات ہے رسوائی کی۔ پاکستانیوں کی دنیا بھر میں دھوکے باز، فراڈ اور نوسر باز جیسے القابات سے پہچان قائم ہوچکی ہے۔ کھانے، پینے کی اشیاء میں ملاوٹ اور ناپ تول میں کمی جیسے سنگین گناہ (جرم) اس قدر عام ہیں کہ لوگ اپنا حق سمجھنے لگے ہیں۔ جس الیکشن کے چوری ہونے پر ہمیں شدید تکلیف ہوتی ہے وہ الیکشن خود بھی چور ہے۔ محترم ڈھلوں صاحب اب آپ ہی بتائیں سوائے شریف فیملی کے کوئی شریف آدمی الیکشن میں حصہ لے سکتا ہے؟ فرض کریں حصہ لے سکتا ہے تو کیا قبضہ مافیا، ٹاؤٹ مافیا جیسے امیر ترین طبقے کے مقابلے میں الیکشن جیت سکتا ہے؟ جہاں ووٹر کسی بااخلاق، باکردار، تعلیم یافتہ اہل امیدوار کو یہ سوچ کا ووٹ نہ دیں کہ وہ جیت بھی گیا تو غنڈے جیتا الیکشن چھین لیں گے اور شریف آدمی دیکھتا رہ جائے گا۔ دہرے معیار کے سبب بڑے چور کو سہولیات ملنا اور چھوٹے چور کی پکڑ ہونا ہی مسائل کی اصل وجہ ہے جسے ختم کرنا حکومتوں اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری بنتی ہے۔ چوری چھوٹی ہو یا بڑی اس کا اثر پورے معاشرے پر پڑتا ہے ہم انصاف، قانون کی بالادستی اور حقیقی ترقی چاہتے ہیں تو ہمیں ہر طرح کی چوری کو یکساں طور پر برا سمجھنا ہوگا۔ ایک عام آدمی کی جیب کاٹنے والا اور قومی خزانہ لوٹنے والا دونوں ہی جرم کے مرتکب ہیں، اور ہم اس تضاد کو ختم کرکے انصاف کو یقینی بنائیں تو ہی بہتر اور محفوظ معاشرہ قائم کیا جاسکتا ہے!

پاکستانی ٹیم کسی موقع پر بھی نیوزی لینڈ کا مقابلہ کرنے کی پوزیشن میں نہ آسکی

تحریر: حافظ معین خالد

نیا قذافی اسٹیڈیم جو تعمیر نو کے بعد دنیا کا ایک نہایت ہی شاندار اسٹیڈیم بن گیا۔ اس میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کی شروعات مزیدار نہیں رہی۔ چیمپئنز ٹرافی جو دنیائے کرکٹ میں ایک روزہ میچز کا سب سے بڑا ایونٹ ہے اسکے انعقاد سے پہلے پاکستان نیوزلینڈ اور ساؤتھ افریقہ کی ایک روزہ کرکٹ سیریز پاکستانی کرکٹ بورڈ کا خوش آئند اقدام ہے۔ اس سیریز سے تینوں ملکوں کی کرکٹ ٹیموں کو بہترین پریکٹس کا موقع ملے گا۔ اسی سلسلے کے پہلے میچ میں نیوزلینڈ نے نوتعمیر شدہ قذافی اسٹیڈیم میں پاکستان کو ایسے شکنجے میں جکڑا کہ پاکستانی ٹیم پھڑ پھڑائی تو ضرور لیکن شکست کے پنجرے سے باہر نہ آسکی۔ پہلے تو کیویز نے سکور بورڈ پر رنزوں کا اتنا بڑا پہاڑ کھڑا کردیا جس کو سامنے دیکھ کر مخالف ٹیم پر لرزہ طاری ہوجائے۔ پاکستان کے گیند باز کسی موقع پر بھی نیوزی لینڈ کے بلے بازوں کو رنز بنانے سے نہ روک سکے اور نہ ہی جلدی وکٹیں حاصل کی جسکی وجہ سے مہمان ٹیم کے بلے بازوں کو بڑا اسکور بنانے کا موقع مل گیا۔ نیوزی لینڈ کے بلے بازوں نے اس ون ڈے میچ کو بھی ٹی 20 کی طرز پر کھیلا جسکا۔ اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ انہوں نے پاکستان کے تیز گیند باز شاہین شاہ آفریدی کے پہلے اوور میں ہی رنزوں کی سلور جوبلی بنا ڈالی فلپس کی سنچری کافی کم گیندوں پر بنی مچل، ولیم سن، برلیس ویل اور راوندرہ نے بھی رنزوں کو طوفانی انداز میں بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ پاکستانی باؤلر اور فیلڈر نیوزی لینڈ کے بلے بازوں کے سامنے بے بس دیکھائی دیئے اور جب پاکستانی ٹیم نیوزی لینڈ کے رنزوں کے ہدف کے تعاقب میں نکلی تو نیوزیل لینڈ کے گیند بازوں نے انکے خوابوں کو چکنا چور کرتے ہوئے پے در پے وکٹیں حاصل کی۔ ماسوائے فخر زمان اور سلمان آغا کے کوئی پاکستانی بلے باز بشمول بابر اعظم اور رضوان خان انکے سامنے مزاحمت نہ کرسکا اور جب پاکستان کی آدھی ٹیم پویلین سدھار گئی تو پاکستان شکست کے تختہ دار پر لٹک چکا تھا۔ اسکے بعد تو شکست کی فارمیلٹی پوری کی جارہی تھی اور کھلاڑی پویلین سے وکٹ تک آنے جانے میں ہی لگے رہے پاکستانی کیمپ کو چاہیے کہ آئندہ میچز میں کم از کم دو ریگولر سپنر کھلانا ہونگے۔ چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد سے پہلے تجربات ضرور ہونے چاہیے لیکن فتح کیساتھ اگر خدانخواستہ شکستوں کا جمعہ بازار لگا رہا تو پھر چیمپئنز ٹرافی میں جو ون ڈے کرکٹ کی دنیا کا سب سے بڑا ایونٹ ہے اس میں فتوحات کا حصول مشکل ہوگا۔ نیا قذافی اسٹیڈیم جو تعمیر نو کے بعد دنیا کا ایک نہایت ہی شاندار اسٹیڈیم بن گیا۔ اس میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کی شروعات مزیدار نہیں رہی۔ چیمپئنز ٹرافی جو دنیائے کرکٹ میں ایک روزہ میچز کا سب سے بڑا ایونٹ ہے اسکے انعقاد سے پہلے پاکستان نیوزلینڈ اور ساؤتھ افریقہ کی ایک روزہ کرکٹ سیریز پاکستانی کرکٹ بورڈ کا خوش آئند اقدام ہے۔ اس سیریز سے تینوں ملکوں کی کرکٹ ٹیموں کو بہترین پریکٹس کا موقع ملے گا۔ اسی سلسلے کے پہلے میچ میں نیوزلینڈ نے نوتعمیر شدہ قذافی اسٹیڈیم میں پاکستان کو ایسے شکنجے میں جکڑا کہ پاکستانی ٹیم پھڑ پھڑائی تو ضرور لیکن شکست کے پنجرے سے باہر نہ آسکی۔ پہلے تو کیویز نے سکور بورڈ پر رنزوں کا اتنا بڑا پہاڑ کھڑا کردیا جس کو سامنے دیکھ کر مخالف ٹیم پر لرزہ طاری ہوجائے۔ پاکستان کے گیند باز کسی موقع پر بھی نیوزی لینڈ کے بلے بازوں کو رنز بنانے سے نہ روک سکے اور نہ ہی جلدی وکٹیں حاصل کی جسکی وجہ سے مہمان ٹیم کے بلے بازوں کو بڑا اسکور بنانے کا موقع مل گیا۔ نیوزی لینڈ کے بلے بازوں نے اس ون ڈے میچ کو بھی ٹی 20 کی طرز پر کھیلا جسکا۔ اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ انہوں نے پاکستان کے تیز گیند باز شاہین شاہ آفریدی کے پہلے اوور میں ہی رنزوں کی سلور جوبلی بناڈالی فلپس کی سنچری کافی کم گیندوں پر بنی مچل، ولیم سن، برلیس ویل اور راوندرہ نے بھی رنزوں کو طوفانی انداز میں بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ پاکستانی باؤلر اور فیلڈر نیوزی لینڈ کے بلے بازوں کے سامنے بے بس دیکھائی دیئے اور جب پاکستانی ٹیم نیوزی لینڈ کے رنزوں کے ہدف کے تعاقب میں نکلی تو نیوزیل لینڈ کے گیند بازوں نے انکے خوابوں کو چکنا چور کرتے ہوئے پے در پے وکٹیں حاصل کی۔ ماسوائے فخر زمان اور سلمان آغا کے کوئی پاکستانی بلے باز بشمول بابر اعظم اور رضوان خان انکے سامنے مزاحمت نہ کرسکا اور جب پاکستان کی آدھی ٹیم پویلین سدھار گئی تو پاکستان شکست کے تختہ دار پر لٹک چکا تھا۔ اسکے بعد تو شکست کی فارمیلٹی پوری کی جارہی تھی اور کھلاڑی پویلین سے وکٹ تک آنے جانے میں ہی لگے رہے پاکستانی کیمپ کو چاہیے کہ آئندہ میچز میں کم از کم دو ریگولر سپنر کھلانا ہونگے۔ چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد سے پہلے تجربات ضرور ہونے چاہیے لیکن فتح کیساتھ اگر خدانخواستہ شکستوں کا جمعہ بازار لگا رہا تو پھر چیمپئنز ٹرافی میں جو ون ڈے کرکٹ کی دنیا کا سب سے بڑا ایونٹ ہے اس میں فتوحات کا حصول مشکل ہوگا۔ نیا قذافی اسٹیڈیم جو تعمیر نو کے بعد دنیا کا ایک نہایت ہی شاندار اسٹیڈیم بن گیا۔ اس میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کی شروعات مزیدار نہیں رہی۔ چیمپئنز ٹرافی جو دنیائے کرکٹ میں ایک روزہ میچز کا سب سے بڑا ایونٹ ہے اسکے انعقاد سے پہلے پاکستان نیوزی لینڈ اور ساؤتھ افریقہ کی ایک روزہ کرکٹ سیریز پاکستانی کرکٹ بورڈ کا خوش آئند اقدام ہے۔ اس سیریز سے تینوں ملکوں کی کرکٹ ٹیموں کو بہترین پریکٹس کا موقع ملے گا۔ اسی سلسلے کے پہلے میچ میں نیوزلینڈ نے نوتعمیر شدہ قذافی اسٹیڈیم میں پاکستان کو ایسے شکنجے میں جکڑا کہ پاکستانی ٹیم پھڑ پھڑائی تو ضرور لیکن شکست کے پنجرے سے باہر نہ آسکی۔ پہلے تو کیویز نے سکور بورڈ پر رنزوں کا اتنا بڑا پہاڑ کھڑا کردیا جس کو سامنے دیکھ کر مخالف ٹیم پر لرزہ طاری ہوجائے۔ پاکستان کے گیند باز کسی موقع پر بھی نیوزی لینڈ کے بلے بازوں کو رنز بنانے سے نہ روک سکے اور نہ ہی جلدی وکٹیں حاصل کی جسکی وجہ سے مہمان ٹیم کے بلے بازوں کو بڑا اسکور بنانے کا موقع مل گیا۔ نیوزی لینڈ کے بلے بازوں نے اس ون ڈے میچ کو بھی ٹی 20 کی طرز پر کھیلا جسکا۔ اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ انہوں نے پاکستان کے تیز گیند باز شاہین شاہ آفریدی کے پہلے اوور میں ہی رنزوں کی سلور جوبلی بناڈالی فلپس کی سنچری کافی کم گیندوں پر بنی مچل، ولیم سن، برلیس ویل اور راوندرہ نے بھی رنزوں کو طوفانی انداز میں بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ پاکستانی باؤلر اور فیلڈر نیوزی لینڈ کے بلے بازوں کے سامنے بے بس دیکھائی دیئے اور جب پاکستانی ٹیم نیوزی لینڈ کے رنزوں کے ہدف کے تعاقب میں نکلی تو نیوزیل لینڈ کے گیند بازوں نے انکے خوابوں کو چکنا چور کرتے ہوئے پے در پے وکٹیں حاصل کی۔ ماسوائے فخر زمان اور سلمان آغا کے کوئی پاکستانی بلے باز بشمول بابر اعظم اور رضوان خان انکے سامنے مزاحمت نہ کرسکا اور جب پاکستان کی آدھی ٹیم پویلین سدھار گئی تو پاکستان شکست کے تختہ دار پر لٹک چکا تھا۔ اسکے بعد تو شکست کی فارمیلٹی پوری کی جارہی تھی۔

بھارت عرب دنیا کا ناقابلِ اعتماد اتحادی

جاوید اقبال

مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے لوگ کئی عرصے سے جارحیت پسندانہ ذہنیت اور سازشوں کا شکار ہیں۔ مسلمانوں کی نسل کشی اور ان پر تسلط بھارتی وزیر اعظم مودی اور ان کے اسرائیلی ہم منصب نیتن یاہو دونوں کا مشترکہ ایجنڈا ہے۔ اپنے شیطانی مقاصد کے حصول کے لیے دونوں رہنماؤں نے اسٹریٹجک اتحاد قائم کیا ہے۔ دنیا نے اس کی عملی مثال اس وقت دیکھی جب بھارت نے فلسطینی قرارداد پر ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔ اگرچہ مودی حکومت عرب دنیا کے ساتھ اسٹریٹجک تعلقات کا دعوی کرتی ہے لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اسرائیل کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بھارتی حکومت نے مقبوضہ کشمیر میں اسرائیلی ماڈل نافذ کیا ہے تاکہ بہادر کشمیریوں کی مزاحمت کو شکست دی جاسکے جو اپنے قانونی حق کے حصول کے لیے ہر طرح سے قربانی دے رہے ہیں جبکہ بھارت اور اسرائیل انسانی حقوق کے نام نہاد علمبرداروں کی مکمل حمایت اور منظوری حاصل ہے۔ بے گناہ کشمیری اور فلسطینی مسلمان بدترین ظلم وستم کا شکار ہیں۔ بہادر کشمیریوں اور فلسطینیوں کا صرف ایک ہی گناہ ہے کہ وہ بھارت اور اسرائیل کے غیر قانونی قبضے سے آزادی کا مطالبہ کررہے ہیں۔ مودی کے اثر ورسوخ میں بھارتی میڈیا نے یہ تاثر قائم کیا کہ عرب ممالک نے طویل عرصے سے بھارت کو اپنا ابھرتا ہوا اسٹریٹجک ساتھی سمجھا ہے لیکن اقوام متحدہ میں ووٹنگ سے گریز کرنے سے عرب رہنماؤں کو شدید دھچکا لگا اور انہیں بھارت کی دھوکہ دہی کا احساس ہوا اور بھارت کی طرف سے اس طرح کی اسرائیل نواز پالیسی عرب رہنماؤں کے لیے یقیناً مایوسی کا باعث بنے گی اور اس کے ساتھ ساتھ قیام امن کے لیے بین الاقوامی برادری کی کوششوں کو شدید دھچکا لگے گا۔ بھارت کا ہمیشہ یہ وطیرہ رہا ہے کہ وہ اپنی مکارانہ پالیسی کو چھپانے کیلئے ہمیشہ خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھنے کے بہانے کا سہارا لیتا ہے۔ بین الاقوامی طور پر بدلتی ہوئی صورتحال میں بھارت کے اس طرح کے اقدامات سے خانہ جنگی اور تصادم کے خطرات مزید پھیلنے کا خدشہ ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں جب بھارت نے اپنے کسی اتحادی ملک کی پیٹھ میں چھرا نہ گھونپا ہو۔ اس کی ایک اور مثال حال ہی میں یوکرینی حکومت کو خفیہ طور پر ہتھیاروں کی فروخت شامل ہے۔ بھارت کی اس حرکت نے روسی حکومت کے سامنے بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب کیا ہے۔ بھارت اسرائیل اور عرب دونوں ممالک کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے، جس سے یہ سوال اٹھتا ہے کہ کیا بھارت ایک قابل بھروسہ حلیف ہے؟ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطینیوں کے حق میں ووٹنگ سے گریز نہ صرف بھارت کی سفارتی حیثیت کو مشکوک بناتا ہے بلکہ کشمیر کے معاملے میں بھارت اور فلسطین کے معاملے میں اسرائیل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہ کر کے بین الاقوامی طور پر دونوں ممالک جنگی جرائم کے مرتکب ہیں اور عالمی برادری کو ان کے احتساب کا مطالبہ جلد یا بدیر کرنا ہی پڑے گا۔ مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے لوگ کئی عرصے سے جارحیت پسندانہ ذہنیت اور سازشوں کا شکار ہیں۔ مسلمانوں کی نسل کشی اور ان پر تسلط بھارتی وزیر اعظم مودی اور ان کے اسرائیلی ہم منصب نیتن یاہو دونوں کا مشترکہ ایجنڈا ہے۔ اپنے شیطانی مقاصد کے حصول کے لیے دونوں رہنماؤں نے اسٹریٹجک اتحاد قائم کیا ہے۔ دنیا نے اس کی عملی مثال اس وقت دیکھی جب بھارت نے فلسطینی قرارداد پر ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔ اگرچہ مودی حکومت عرب دنیا کے ساتھ اسٹریٹجک تعلقات کا دعوی کرتی ہے لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اسرائیل کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بھارتی حکومت نے مقبوضہ کشمیر میں اسرائیلی ماڈل نافذ کیا ہے تاکہ بہادر کشمیریوں کی مزاحمت کو شکست دی جاسکے جو اپنے قانونی حق کے حصول کے لیے ہر طرح سے قربانی دے رہے ہیں جبکہ بھارت اور اسرائیل انسانی حقوق کے نام نہاد علمبرداروں کی مکمل حمایت اور منظوری حاصل ہے۔ بے گناہ کشمیری اور فلسطینی مسلمان بدترین ظلم وستم کا شکار ہیں۔ بہادر کشمیریوں اور فلسطینیوں کا صرف ایک ہی گناہ ہے کہ وہ بھارت اور اسرائیل کے غیر قانونی قبضے سے آزادی کا مطالبہ کررہے ہیں۔ مودی کے اثر ورسوخ میں بھارتی میڈیا نے یہ تاثر قائم کیا کہ عرب ممالک نے طویل عرصے سے بھارت کو اپنا ابھرتا ہوا اسٹریٹجک ساتھی سمجھا ہے لیکن اقوام متحدہ میں ووٹنگ سے گریز کرنے سے عرب رہنماؤں کو شدید دھچکا لگا اور انہیں بھارت کی دھوکہ دہی کا احساس ہوا اور بھارت کی طرف سے اس طرح کی اسرائیل نواز پالیسی عرب رہنماؤں کے لیے یقیناً مایوسی کا باعث بنے گی اور اس کے ساتھ ساتھ قیام امن کے لیے بین الاقوامی برادری کی کوششوں کو شدید دھچکا لگے گا۔ بھارت کا ہمیشہ یہ وطیرہ رہا ہے کہ وہ اپنی مکارانہ پالیسی کو چھپانے کیلئے ہمیشہ خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھنے کے بہانے کا سہارا لیتا ہے۔ بین الاقوامی طور پر بدلتی ہوئی صورتحال میں بھارت کے اس طرح کے اقدامات سے خانہ جنگی اور تصادم کے خطرات مزید پھیلنے کا خدشہ ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں جب بھارت نے اپنے کسی اتحادی ملک کی پیٹھ میں چھرا نہ گھونپا ہو۔ اس کی ایک اور مثال حال ہی میں یوکرینی حکومت کو خفیہ طور پر ہتھیاروں کی فروخت شامل ہے۔ بھارت کی اس حرکت نے روسی حکومت کے سامنے بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب کیا ہے۔ بھارت اسرائیل اور عرب دونوں ممالک کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے، جس سے یہ سوال اٹھتا ہے کہ کیا بھارت ایک قابل بھروسہ حلیف ہے؟ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطینیوں کے حق میں ووٹنگ سے گریز نہ صرف بھارت کی سفارتی حیثیت کو مشکوک بناتا ہے بلکہ کشمیر کے معاملے میں بھارت اور فلسطین کے معاملے میں اسرائیل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہ کر کے بین الاقوامی طور پر دونوں ممالک جنگی جرائم کے مرتکب ہیں اور عالمی برادری کو ان کے احتساب کا مطالبہ جلد یا بدیر کرنا ہی پڑے گا۔



مشین میں بنے جگر کی انسان میں پیوندکاری

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

انسان جس جس طرح ترقی کی منازل طے کررہا ہے اس کے نتیجے میں ہر روز نت نئے تجربات دیکھنے کو ملتے ہیں۔حالیہ دنوں میں کئے گئے تجربے کے دوران دنیا میں پہلی بار مشین کی مدد سے تیار کیے گئے جگر کی انسان میں کامیاب پیوندکاری کردی گئی اور ایک سال بعد بھی مذکورہ شخص میں کسی طرح کی کوئی شکایت سامنے نہیں آئی۔سوئٹزرلینڈ کے ماہرین نے ایک مریض کے جگر کا وہ ٹکڑا نکالا جو کہ صحت مند تھا اور اسے 'پروفیوژن مشین' میں ڈال دیا، جہاں اس کی نشوونما کی گئی اور پھر اسے اسی مریض میں پیوند کیا گیا، جس سے جگر کا ٹکڑا لیا گیا تھا۔یہ اپنی نوعیت کا پہلا مختلف ٹرانسپلانٹ ہے، جس کے ذریعے جگر کی نشوونما یا پیوندکاری خالص طور پر ایک مشین میں کی گئی اور پھر اسی جگر کے ٹکڑے کو مریض میں لگا دیا اور پھر ایک سال بعد اس مریض کے ٹیسٹ کیے گئے، جن میں کسی طرح کی کوئی پیچیدگی نوٹ نہیں کی گئی۔مذکورہ تجربہ زیورچ کے جگر پر تحقیق کرنے والے ادارے 'ویز زیورچ ٹرانسپلانٹنگ سائنس انفولائف' نے کیا، جس نے ایک ایسی 'پروفیوژن مشین' تیار کی جو کہ انسانی جسم کی طرح کام کرتی ہے۔مذکورہ مشین میں دل اور پھیپھڑوں سمیت لبلبے اور آنتوں جیسا کام کرنے والے پرزے میں شامل کیے گئے تھے، جنہوں نے جگر کے ٹکڑے کی نشوونما کرنے کے لیے اسے اسی انداز میں خون کی ترسیل کی، جیسے انسانی جسم میں جگر کو خون مہیا ہوتا ہے۔مشین میں انسانی خون شامل کیا گیا تھا، جس نے تین دن تک جگر کے ٹکڑے کی نشوونما کرنے کے بعد اسے تیار کیا اور بعدازاں ماہرین نے اس جگر کے ٹکڑے کی اسی انسان میں پیوندکاری کردی، جس سے ڈاکٹرز نے جگر کا ٹکڑا نکالا تھا۔سب سے اچھی بات یہ ہے کہ اس میں جگر کا ٹکڑا ابھی اسی مریض سے لیا گیا جو کہ جگر کے مرض میں مبتلا تھا۔سوئٹزرلینڈ کے سائنسدانوں کے مطابق اگرچہ ابھی تک انہوں نے مشین کے ذریع جگر کے ٹکڑے کو تین دن تک انسانی جسم کے باہر رکھا، تاہم ان کا مقصد اسی دورانیے کو 5 دن تک لے جانا ہے۔مذکورہ تجربے کے بعد جس شخص کو مشین میں تیار کیا گیا جگر لگایا گیا تھا، اس کا ایک سال بعد معائنہ کیا گیا مگر اس میں کسی طرح کی کوئی پیچیدگی نوٹ نہیں کی گی۔س سے قبل آج تک جگر سمیت دیگر اعضا کی پیوندکاری صرف انسانی جسم میں ہی ممکن تھی، اب تک ماہرین پیوندکاری کے لیے کسی بھی صحت مند انسان کے عضو کا ٹکڑا لے کر مریض کے عضو سے جوڑتے آئے ہیں۔تاہم اب اگر مذکورہ مشین والے تجربے پر مزید کام کرکے اسے عام بنایا گیا تو مستقبل میں کسی بھی عضو کی پیوندکاری مشین میں کرنے کے بعد مذکورہ عضو کو صرف مریض کے جسم میں داخل کردیا جائے گا۔سوئٹزرلینڈ کے سائنسدانوں نے کہا کہ وہ مذکورہ مشین کے ذریعے جگر کے علاوہ گردوں اور بچے دانی کی پیوندکاری کے تجربے کرنے کا ارادہ بھی رکھتے ہیں، جن پر انہوں نے پہلے ہی تھوڑا سا کام کر رکھا ہے، جس کے حوصلہ افزا نتائج ملے ہیں۔

واضح رہے کہ کچھ ماہ پہلے خنزیر کے دل کا ٹرانسپلانٹ کرانے والا دنیا کے پہلے شخص کی سرجری کے دو ماہ بعد ہی موت واقع ہوگئی تھی۔اس عمل کی مختصر عرصے کے لیے کامیابی کے بعد امید تھی کہ شاید انسانی اعضا کی کمی کی وجہ سے پیوندکاری میں ہونے والی مشکلات حل ہو جائے گی تاہم مریض کی موت کے باوجود اس آپریشن میں حصہ لینے والی ٹیم مستقبل میں اس حوالے سے کامیابی کے لیے پرامید ہے۔یونیورسٹی آف میری لینڈ میڈیکل سسٹم نے اپنے بیان میں کہا کہ 57 سالہ ڈیوڈ بینیٹ کا 7 جنوری کو ٹرانسپلانٹ ہوا تھا اور وہ 8 مارچ کو چل بسے۔بیان میں بتایا گیا کہ مریض کی طبیعت کئی دن پہلے خراب ہونے لگی تھی، جب یہ واضح ہونے لگا کہ وہ صحت یاب نہیں ہوں گے تو ان کی ہمدردانہ دیکھ بھال کی جانے لگی، وہ اپنی زندگی کے آخری چند گھنٹوں کے دوران اپنے خاندان کے ساتھ بات کرنے میں کامیاب رہے۔ہسپتال نے مزید بتایا کہ سرجری کے بعد ٹرانسپلانٹ کیے گئے دل نے کسی قسم کے تعطل کے بغیر کئی ہفتوں تک بہت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔اپنی سرجری کے بعد ڈیوڈ بینیٹ نے خاندان کے ساتھ وقت گزارا، جسمانی تھراپی میں حصہ لیا، سپر باؤل دیکھا اور اپنے کتے لکی کو دیکھنے کے لیے گھر جانے کی خواہش بھی ظاہر کی۔اس طریقہ کار کی سربراہی کرنے والے سرجن بارٹلی گریفتھ نے کہا کہ وہ ایک بہادر اور عظیم مریض تھے جو آخر دم تک لڑے، ہم ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کرتے ہیں۔ڈیوڈ بینیٹ اکتوبر 2021 میں مشرقی امریکی ریاست میری لینڈ کے ہسپتال میں آئے تھے، انہیں ایمرجنسی لائف سپورٹ مشین پر رکھا گیا تھا، انہیں انسانی ٹرانسپلانٹ کے لیے نااہل قرار دیا گیا تھا۔یونیورسٹی کے امراض قلب پروگرام کے ڈائریکٹر محمد محی الدین نے کہا کہ ہم نے یہ سیکھنے کی انمول بصیرت حاصل کی ہے کہ جینیاتی طور پر تبدیل شدہ سور کا دل انسانی جسم کے اندر اچھی طرح سے کام کرسکتا ہے جبکہ مدافعتی نظام کو مناسب طریقے سے دبایا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم پرامید ہیں اور مستقبل کے کلینیکل ٹرائلز میں اپنا کام جاری رکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔امریکی میڈیا کی رپورٹنگ میں یہ بھی انکشاف ہوا کہ بینیٹ کو 1988 میں ایک شخص کو متعدد بار چاقو مارنے کا مجرم قرار دیا گیا تھا، جس سے متاثرہ شخص مفلوج ہوگیا تھا۔ماضی میں بھی اس طرح کی پیوندکاری کی کوششیں کی گئیں جو ناکام رہی تھیں کیونکہ مریضوں کے جسم نے جانوروں کے اعضا کو قبول کرنے سے انکار کردیا تھا۔ان میں سب سے زیادہ مشہور 1984 کا کیس ہے جس میں بے بی فائی میں بہون کے دل کی پیوندکاری کی گئی تھی اور اس کے 21 دن بعد اس کا انتقال ہوگیا تھا۔انسانی ذہانت کے عروج کو دیکھتے ہوئے تو ایسا معلوم ہوتا ہے آنے والے کچھ وقت میں کینسر سمیت ہر بیماری کا علاج باآسانی دستیاب ہوگا۔









مضبوط خاندانی رشتے زندگی میں بہت اہمیت رکھتے ہیں، سلمان خان

سلمان خان کی پہلی بار ارباز خان اور ملائیکہ اروڑا کی طلاق پر لب کشائی

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان عرف سلو بھائی نے پہلی بار چھوٹے بھائی، ہدایت کار و پروڈیوسر ارباز خان کی ان کی سابقہ اہلیہ، اداکارہ ملائیکہ اروڑا سے طلاق کے بارے میں بات کی ہے۔سلمان خان نے حال ہی میں اپنے بھتیجے ارہان خان کی پوڈکاسٹ ڈمب بریانی میں انٹرویو دیا۔پوڈکاسٹ کے دوران نا صرف سلمان خان نے ڈیجیٹل موضوعات پر گفتگو کی بلکہ بھتیجے کو والدین میں علیحدگی کے بعد بچوں پر پڑنے والے اثرات، زندگی کے اتار چڑھاو اور ان سے نمٹنے سے متعلق مشورے بھی دیے۔سلمان خان نے ارباز خان اور ملائیکہ اروڑا کی علیحدگی کے حوالے سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ارہان خان ابھی زندگی کے اتار چڑھاو سے گزر رہا ہے، ماں باپ کے تعلقات یعنی علیحدگی کے بعد بچوں کو پریشان کن حالات سے خود ہی نمٹنا ہوتا ہے۔

چاہت فتح ایک بار پھر تنقید کی زد میں آگئے

لاہور (یو این پی) سوشل میڈیا پر گانے سے مشہور ہونے والے چاہت فتح علی خان ایک بار پھر تنقید کی زد میں آگئے۔حال ہی میں چاہت فتح نے ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی جس میں انہوں نے میزبان سے کچھ مذاقا شادی سے متعلق گفتگو کی۔میزبان کی جانب سے سوال پوچھا گیا کہ آپ خود کو سنگل کہتے ہیں کس لڑکی سے شادی کریں گے؟ اس کے جواب میں چاہت فتح نے کہا کہ میں آپ جیسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہوں اور پچھلے ایک سال سے آپ کے پیچھے پڑا ہوں۔اس کے علاوہ چاہت فتح علی خان نے میزبان کے دیگر سوالوں پر بھی عجیب حرکتیں کیں۔

سلمان خان کے بجائے منوج باجپائی کیساتھ کام کرنا چاہوں گی، نوال سعید

مجھے حیرانی ہوتی ہے میری زیادہ تر فالوونگ بھارت سے ہے اور مجھے معلوم نہیں وہاں کیسے مشہور ہوئی، اداکارہ

کراچی (یو این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ نوال سعید کا کہنا ہے کہ سلمان خان کے بجائے منوج باجپائی کے ساتھ کام کرنا چاہوں گی۔حال ہی میں نوال سعید نے جیو ڈیجیٹل کے پروگرام جیو پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔دوران انٹرویو اداکارہ سے پڑوسی ملک بھارت میں ملنے والی مقبولیت، دونوں ممالک کے درمیان کام کے حوالے سے عائد پابندیاں اور پسندیدہ اداکار کے بارے میں سوالات کیے گئے۔نوال سعید نے میزبان کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے حیرانگی کا اظہار کیا اور کہا کہ مجھے حیرانی ہوتی ہے کیونکہ میری زیادہ تر فالوونگ بھارت سے ہے اور مجھے معلوم نہیں کہ وہاں کیسے مشہور ہوئی۔ان کا کہنا ہے کہ وہاں ہمارے ڈرامے پسند کیے جاتے ہیں، جس طرح بھارتی فلمیں یہاں دیکھی جاتی ہیں پاکستانی ڈرامے بھارت میں مقبول ہیں تو ہوسکتا ہے انہوں نے میرا کوئی ڈرامہ دیکھا ہو یا پھر کوئی میم وائرل ہوا تھا، جس کی وجہ سے وہاں کے لوگ مجھے جاننے لگے۔اداکارہ نے بتایا کہ مجھے سلمان خان پسند ہیں لیکن اگر بھارت میں کام کرنے کا موقع ملا تو منوج باجپائی کے ساتھ کام کرنا چاہوں گی کیونکہ مجھے ان کی اداکاری بہت پسند ہے۔

ہانیہ عامر بالی ووڈ میں کام کرنے کیلئے تیار

راکھی ساونت نے سلمان خان سے ہانیہ عامر کو اپنے کسی نئے پراجیکٹ میں کاسٹ کرنے کا مطالبہ



لندن (یو این پی) پاکستان کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے بالی ووڈ میں کام کرنے کے حوالے سے لب کشائی کر دی۔حال ہی میں اداکارہ نے لندن میں ہونے والے فنڈ ریزنگ پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے نا صرف اپنے مداحوں سے ملاقات کی بلکہ اس پروگرام میں پوچھے گئے سوالوں کے جوابات بھی دیے۔دورانِ پروگرام اداکارہ سے سوال کیا گیا کہ اگر بالی ووڈ خاص طور سے کرن جوہر کی جانب سے فلم کی پیشکش ہوئی تو کیا قبول کریں گی؟ ہانیہ نے اثبات میں جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر آفر آئے گی تو سوچوں گی۔انہوں نے مزید وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ اگر پیشکش آتی ہے اور پروجیکٹ اچھا ہوا تو ضرور دیکھیں گے، ان شاءاللہ۔خیال رہے کہ حال ہی میں راکھی ساونت نے انکشاف کیا تھا کہ انہوں نے سلمان خان سے بات کی ہے کہ وہ ہانیہ عامر کو اپنے کسی نئے پروجیکٹ میں کاسٹ کریں، یہ سب کو پیچھے چھوڑ دے گی۔راکھی ساونت کی جانب سے کیے گئے اس انکشاف کے بعد سے مختلف سوشل میڈیا پیجز کی جانب سے یہ قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں کہ ممکنہ طور پر ہانیہ جلد کسی بھارتی پروجیکٹ میں دکھائی دیں گی۔

ماورا حسین کے شوہر امیر گیلانی کا اپنی ہی شادی میں شاندار رقص

کراچی (یو این پی) پاکستان کی معروف اداکارہ ماورا حسین نے اپنی شادی کی تقریب میں شوہر امیر گیلانی کے رقص کی ویڈیو خوبصورت پیغام کے ساتھ شیئر کی ہے۔حال ہی میں منعقد ہونے والی شادی کی تقریبات کے بعد ماورا اور امیر گیلانی کی جانب سے تصاویر اور ویڈیوز شیئر کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ماورا نے انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جو وائرل ہو رہی ہے جس میں ان کے شوہر امیر گیلانی شمیدی کی تقریب میں بالی ووڈ فلم ''کچھ کچھ ہوتا ہے'' کے مشہور گانے ''ساجن جی گھر آئے'' پر سلمان خان کے انداز میں رقص کر رہے ہیں۔اس دوران ماورا حسین بھی خوشی کا اظہار کرتی ہیں اور آخر میں امیر گیلانی کو گلے لگاتی ہیں۔اس ویڈیو پر مداحوں کے ساتھ ساتھ دیگر مشہور شخصیات نے بھی دلچسپ تبصرے کیے ہیں۔اداکارہ عائشہ عمر نے ماورا حسین کو شادی کی مبارکباد دی جبکہ ماہرہ خان نے امیر گیلانی کے رقص کی تعریف کی۔ماورا اور امیر گیلانی کی شادی کی تقریبات کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر تیزی سے مقبول ہو رہی ہیں اور مداح ان کی نئی زندگی کے لیے نیک تمنائیں کا اظہار کر رہے ہیں۔



صائم ایوب اور ہانیہ عامر کی خوشگوار ملاقات، ویڈیو وائرل

ان فٹ کرکٹر صائم ایوب کی مشہور اداکارہ ہانیہ عامر سے لندن میں سرِ راہ ملاقات ہوگئی

لندن (این این آئی) پاکستان کے ان فٹ کرکٹر صائم ایوب کی مشہور اداکارہ ہانیہ عامر سے لندن میں سرِ راہ ملاقات ہوگئی۔ہانیہ عامر اور صائم ایوب کی ملاقات کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہے، جسے اداکار کے آفیشل فیس بک اکاؤنٹ سے بھی شیئر کیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق صائم ایوب اور ہانیہ عامر اس وقت لندن میں موجود ہیں، دونوں ہی ایک تقریب میں موجود تھے۔وائرل ویڈیو میں ان فٹ کرکٹر اور اداکارہ کو خوشگوار موڈ میں بات کرتے اور ایک ساتھ پوز دیتے دیکھا جاسکتا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ہانیہ عامر لندن میں تقریب کے اختتام پر اپنی گاڑی میں جانے کے بجائے صائم ایوب کا انتظار کرتی رہیں تاکہ ملاقات کی جاسکے۔اس دوران ہانیہ عامر نے صائم ایوب کے ساتھ تصویر بنوائی اور اُن کی صحتیابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ویڈیو میں اس دوران صحافیوں کے سوال اور چند آوازوں میں تصاویر اور ویڈیو بنانے سے متعلق استفسار کیا گیا ہے۔یاد رہے کہ جنوبی افریقہ کے خلاف کیپ ٹاؤن ٹیسٹ کے پہلے ہی روز صائم ایوب فیلڈنگ کے دوران زخمی ہوگئے تھے، انہیں علاج کیلئے لندن لایا گیا تھا۔



حارث رؤف کی انجری سنجیدہ نوعیت کی نہیں، چیمپئنز ٹرافی کیلئے دستیاب ہوں گے

پاکستان کرکٹ بورڈ نے کرکٹ شائقین کو خوشخبری سنا دی، تسلی بھی دے ڈالی



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر حارث رؤف کی صحت سے متعلق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے بتادیا۔پی سی بی کا کہنا ہے کہ حارث رؤف کی انجری سنجیدہ نوعیت کی نہیں، وہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے دستیاب ہوں گے۔پاکستان کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ ایم آر آئی اور ایکسرے رپورٹس کے مطابق حارث رؤف کو سینے کی بچلی طرف کھنچاؤ ہے، احتیاطی تدبیر کے طور پر فاسٹ بولر 12 فروری کو کراچی میں جنوبی افریقہ کے خلاف میچ نہیں کھیلیں گے۔یاد رہے کہ سہ فریقی سیریز کے پہلے میچ میں فاسٹ بولر حارث رؤف نیوزی لینڈ کے خلاف 37 ویں اوور میں بولنگ کرواتے ہوئے انجری کا شکار ہوکر اوور مکمل کروائے بغیر میدان سے باہر چلے گئے تھے۔

ساتویں ایشین تائیکوانڈو اوپن چیمپئن شپ 14 فروری سے شروع ہوگی

اسلام آباد (یو این پی) ساتویں ایشین تائیکوانڈو اوپن چیمپئن شپ 14 فروری سے شروع ہوگی۔پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کا میکس ساتویں ایشین تائیکوانڈو اوپن چیمپئن شپ 2025ء کی میزبانی کرے گی، جو 14 سے 20 فروری 2025ء تک لیاقت جمنازیم اسلام آباد میں ہوگی، کھلاڑیوں کی رجسٹریشن کا عمل پہلے ہی شروع ہو چکا ہے۔صدر پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن لیفٹیننٹ کرنل (ر) راجہ وسیم احمد جنجوعہ نے کہا ہے کہ یہ پاکستان میں ہونے والی چوتھی بین الاقوامی تائیکوانڈو چیمپئن شپ ہوگی، ہمیں یقین ہے کہ یہ ایونٹ خطے میں تائیکوانڈو کو فروغ دینے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔22 ممالک کے 487 کھلاڑی چیمپئن شپ میں شرکت کریں گے، چیمپئن شپ کی کیٹیگری پومسے میں 110 کھلاڑی شرکت کرینگے۔

جرمن اور ہالینڈ کی کلبز ہاکی ٹیمیں آج لاہور پہنچیں گی

لاہور (یو این پی) لاہور کرکٹ کے ساتھ ہاکی کے انٹرنیشنل کھلاڑیوں کی دلچسپی کا بھی مرکز بن گیا، جرمن اور ہالینڈ کے معروف کلبز کی ٹیمیں (آج) منگل کو لاہور پہنچیں گی۔وزیراعظم کی ہدایت پر یوتھ پروگرام کی ٹیم بھی ان غیر ملکی کلبز کے ساتھ میچز کھیلے گی۔چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے جوہر ٹاؤن ہاکی اسٹیڈیم میں ٹرائلز کی نگرانی کی۔رانا مشہود نے میڈیا سے بات کرتے کہا کہ وزیراعظم نے 2025 قومی کھیل ہاکی کی بحالی کا سال قرار دے رکھا ہے، کرکٹ کے ساتھ انٹرنیشنل ہاکی کھلاڑیوں کی آمد کی بہت خوشی ہے۔

نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ میچ، پولیس اہلکار نے تماشائی کو تھپڑ مار دیا

لاہور (یو این پی) لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کا میچ دیکھنے آنے والے تماشائی کو پولیس اہلکار نے تشدد کا نشانہ بنایا۔نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان کھیلے جارہے ایک روزہ میچ دیکھنے شہری پہنچا۔تماشائی قذافی اسٹیڈیم کے اندر جانا چاہ رہا تھا کہ پولیس نے لبرٹی چوک پر تماشائی کو روک لیا۔پولیس اور تماشائی کے درمیان روکے جانے پر تلخ کلامی ہوئی۔ایک پولیس اہلکار نے تماشائی کو تھپڑ مار دیا۔تماشائی کے پاس پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کا کارڈ بھی موجود تھا۔

لاہور: سہ فریقی سیریز میں نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان کھیلے جانے والا میچ دیکھنے آنے والے شائقین کا پرجوش انداز

ویمنز پریمیئر لیگ 14 فروری سے بھارت میں شروع ہوگی

نئی دہلی (یو این پی) بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) کے زیر اہتمام ویمنز پریمیئر لیگ (ڈبلیو پی ایل) کا تیسرا ایڈیشن 14 فروری سے بھارت میں شروع ہوگا۔بی سی سی آئی کے مطابق ویمنز پریمیئر لیگ کے کامیاب انعقاد کے لئے تیاریاں اچھی سے شروع کردی گئی ہیں۔ویمنز پریمیئر لیگ میں 5 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں نظر آئیں گی۔رائل چیلنجرز بنگلور کی ویمنز ٹیم لیگ میں ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ویمنز پریمیئر لیگ خواتین کا ایک پیشہ ورانہ ٹی ٹوئنٹی ڈومیسٹک کرکٹ ٹورنامنٹ ہے جس میں 5 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے کوشاں ہوں گی جن میں دہلی کیپٹلز، گجرات جائنٹس، ممبئی انڈینز، دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرز بنگلور اور یوپی وارئیرز شامل ہیں۔ٹورنامنٹ ڈبل راؤنڈ روبن اور پلے آف سسٹم پر کھیلا جا رہا ہے۔ٹورنامنٹ میں فائنل سمیت کل 22 میچز کھیلے جائیں گے۔ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 15 مارچ 2025 کو کھیلا جائے گا۔

بھارت اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ون ڈے کرکٹ میچ کل ہوگا

احمد آباد (یو این پی) بھارت اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا اور آخری میچ 12 فروری کو نریندر مودی اسٹیڈیم، احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔بھارتی ٹیم کو مہمان انگلینڈ کی ٹیم کے خلاف تین میچوں کی سیریز میں 2-0 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔بھارت نے پہلے ون ڈے میچ میں انگلینڈ کی ٹیم کو 4 وکٹوں جبکہ دوسرے ون ڈے میچ میں بھی 4 وکٹوں سے شکست دی تھی۔اس سے قبل بھارت کی ٹیم نے پانچ ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز میں مہمان انگلینڈ کی ٹیم کو 4-1 سے شکست دی تھی۔انگلینڈ کی مردوں کی قومی کرکٹ ٹیم ان دنوں بھارت کے دورہ پر ہے جہاں اس نے میزبان ٹیم کے خلاف پانچ ٹی ٹوئنٹی اور تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلنا ہے۔پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز مکمل ہوچکی ہے جو میزبان بھارتی ٹیم نے 4-1 سے جیت لی ہے۔ون ڈے سیریز کے دو میچز کھیلے جا چکے ہیں جو بھارتی ٹیم نے جیت لئے تھے۔بھارتی کرکٹ ٹیم کو مایہ ناز بلے باز روہت شرما لیڈ کریں گے جبکہ انگلینڈ کی ٹیم جوز بٹلر کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔دونوں ٹیموں کے درمیان تین ون ڈے میچوں کی سیریز کا تیسرا اور آخری ون ڈے میچ 12 فروری کو احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔تینوں ایک روزہ میچز ڈے اینڈ نائٹ ہوں گے۔

اپ سیڈڈ کارلوس الکاراز نے پہلا انڈور اے بی این ایمرو اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا

روٹرڈیم (یو این پی) پیشن کے نامور ٹینس سٹار چار گرینڈ سلام ٹائٹلز کے فاتح اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈڈ کارلوس الکاراز اے بی این ایمرو اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔21 سالہ ہسپانوی ٹینس سٹار کارلوس الکاراز نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں آسٹریلیا کے ایلکس ڈی مینور کو شکست دے کر پہلا انڈور ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔کارلوس الکاراز کے مجموعی طور پر اے ٹی پی ٹائٹل کی تعداد 17 ہوگئی ہے۔نیدرلینڈز کے مشہور شہر روٹرڈیم کے روٹرڈیم اہوئے میں اے بی این ایمرو اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے نیدرلینڈز میں جاری ہیں جس میں شائقین ٹینس کو عمدہ مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض
صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈینگی سے بچاؤ کے سلسلہ میں تربیتی سیمینار اور واک کا انعقاد

اینٹامالوجسٹ تحسین قمر جگنو نے سیمینار کے شرکاء کو ڈینگی سے بچاؤ کے حوالہ سے خصوصی آگاہی وبریفنگ دیئے



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ صحت کی جانب سے ڈینگی سے بچاؤ اور حفاظتی و آگاہی اقدامات کے سلسلہ میں تربیتی سیمینار اور واک کا انعقاد کیا گیا۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد، ماسٹر ٹرینر ڈاکٹر فاروق احمد مغل، اینٹامالوجسٹ تحسین قمر جگنو نے سیمینار کے شرکاء کو ڈینگی سے بچاؤ کے حوالہ سے خصوصی آگاہی و لیکچر دیئے۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد کا کہنا تھا کہ محکمہ صحت سمیت تمام سرکاری محکموں، سماجی تنظیموں اور دیگر سرکردہ افراد کو ڈینگی سے بچاؤ کے حوالہ سے مشترکہ جدو جہد کو جاری رکھنا ہوگا۔ محکمہ صحت کی جانب سے ڈینگی کی روک تھام اور حفاظتی اقدامات کے حوالہ سے عوام میں مختلف آگاہی پروگرام، سیمینار، واک کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ محکمہ صحت کے اسپشلسٹ ڈاکٹرز، اینٹامالوجسٹ اور دیگر افسران نے ریسکیو 1122 کے اہلکاروں کو ڈینگی سے بچاؤ کے حوالہ سے آگاہی فراہم کی۔ اسی سلسلہ میں تمام تعلیمی اداروں اور دفاتر میں بھی معلوماتی و آگاہی سیشن کا سلسلہ جاری رہے گا۔

اسسٹنٹ کمشنر شرقپور میڈم انعم اکرم کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شرقپور کا دورہ

اسسٹنٹ کمشنر نے بتایا ہسپتال میں ری وہیپنگ جاری ہے جس کا عمل ایک ہفتے میں مکمل ہو جائے گا



شرقپور شریف (نامہ نگار محمد خضر حیات) حکومت پنجاب اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر شرقپور میڈم انعم اکرم کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شرقپور کا دورہ۔ تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر شرقپور میڈم انعم اکرم نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شرقپور کا دورہ کیا۔ جس میں انہوں نے ادویات کا سٹاک، مریضوں کو دی جانے والی سہولیات اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا۔ ادویات کا اسٹاک وافر مقدار میں دستیاب پایا گیا۔ صفائی کے انتظامات بھی مناسب کیے گئے تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے بتایا ہسپتال میں ری وہیپنگ جاری ہے جس کا عمل ایک ہفتے میں مکمل ہو جائے گا۔

GWF ویلفیئر آرگنائزیشن کا آغاز

طلباء وطالبات کیلئے فائدہ مند ہے

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سینئر صحافی، گلوبل یونین آف جرنلسٹس کے جنرل سیکرٹری مرزا اظہر سلطان مغل نے اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ GWF کے نام سے ایک ویلفیئر آرگنائزیشن کا آغاز کیا جا رہا ہے جس کا اولین مقصد طلباء طالبات سمیت معاشرے کے ہر ہنرمند فرد کی پوشیدہ ہم نصابی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے اور انہیں میڈیا کے پلیٹ فارم پہ بھرپور طریقے سے متعارف کروانا ہے۔ اس سلسلے میں ہر قومی وسماجی تہوار کی مناسبت سے مختلف پروگرامز اور مقابلہ جات کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس حوالے سے گلوبل یونین آف جرنلسٹس کی بھرپور سرپرستی حاصل رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بطور چیف آرگنائزر وہ تنظیم کے آئین اور قواعد وضوابط کی تیاری کیلئے چیئرمین گلوبل یونین ڈاکٹر محمد الیاس بٹ سمیت دیگر اساتذہ کرام کی مشاورت مستقل شامل حال رکھیں گے نیز پیپر ورک کی تکمیل کے فوری بعد GWF کی ممبرشپ شروع کر دی جائے گی۔ GWF اور گلوبل یونین آف جرنلسٹس کے باہمی اشتراک سے متعدد سماجی و ثقافتی ایونٹس کا انعقاد کیا جائے گا جس سے ہماری نوجوان نسل اپنا نام روشن کر سکے گی۔ آخر میں انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ GWF گوجرانوالہ کے سماجی حلقوں میں اچھا اضافہ ثابت ہوگی۔

نجی تعلیمی ادارہ میں طلباء کو پاکستان اور نوجوانوں کی ذمہ داریاں سیشن میں مفصل لیکچر

بطور مسلمان ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم انسانیت کیلئے مفید ثابت ہوں: حافظ شاف علی



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر پنجاب حافظ شاف علی کھانڈ نے نجی تعلیمی ادارہ میں طلباء کو پاکستان اور نوجوانوں کی ذمہ داریاں سیشن میں مفصل لیکچر دیا۔ طلباء سمیت شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بطور مسلمان ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم انسانیت کیلئے مفید ثابت ہوں۔ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح اور انکے رفقاء نے اسلامی تشخص کی روشنی میں مملکت خداداد کے حصول کیلئے دوقومی نظریہ پیش کیا اور پھر اس کو اپنا مقصد بناتے ہوئے انہوں نے تحریک پاکستان کے اپنے عظیم ساتھیوں کے ہمراہ سخت جدو جہد کے بعد وطن عزیز پاکستان حاصل کیا۔ آج وطن عزیز کو کرائسس کا سامنا ہے تو اس کی ذمہ داری تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول قوم پر بھی آتی ہے اور بحرانی کیفیت سے استحکام کیلئے بحیثیت پاکستانی ہم سب کو اپنے پیارے وطن کے معاشی و معاشرتی استحکام کیلئے قومی یکجہتی کا مظہر بن کر عدم برداشت و دشنام طرازی کو چھوڑ کر مثبت جدوجہد کرنا ہے۔ مشکلات کا حل تحمل دانشمندی و تدبر میں مضمر ہے۔

طب یونانی قدرتی اجزا پر مبنی ایک محفوظ اور مؤثر طریقہ علاج ہے

دنیا بھر میں 11 فروری کو طب یونانی کا عالمی دن منایا جاتا ہے: حکیم ریاض احمد



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) طب یونانی قدرتی اجزا پر مبنی ایک محفوظ اور مؤثر طریقہ علاج ہے حکیم ریاض احمد تفصیلات کے مطابق 11 فروری طب یونانی کے عالمی دن کے موقع پر صدر پاکستان طبی کانفرنس ضلع ننکانہ صاحب حکیم ریاض احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں 11 فروری کو طب یونانی کا عالمی دن منایا جاتا ہے، جس کا مقصد اس قدیم اور مؤثر طریقہ علاج کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور اس کے فروغ کے لیے اقدامات کرنا ہے۔ یہ دن معروف طبیب، ماہر تعلیم حکیم محمد اجمل خان کی پیدائش کی یاد میں بھی منایا جاتا ہے، جنہوں نے طب یونانی کو جدید سائنسی بنیادوں پر استوار کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ہم حکیم محمد اجمل خان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے طب یونانی کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کے تحقیقی کام اور طبی تعلیم کے فروغ کی بدولت آج بھی لاکھوں افراد طب یونانی سے مستفید ہو رہے ہیں۔ طب یونانی قدرتی اجزا پر مبنی ایک محفوظ اور مؤثر طریقہ علاج ہے، جو آج بھی کئی بیماریوں کے علاج میں کارآمد ثابت ہو رہا ہے۔ ہم حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ طب یونانی کے فروغ کے لیے مزید اقدامات کرے تاکہ عوام کو سستا اور مؤثر علاج فراہم کیا جا سکے۔ حکیم ریاض احمد صدر پاکستان طبی کانفرنس، اراکین و ممبران پاکستان طبی کانفرنس ضلع ننکانہ صاحب نے شرکت کی۔

''گھر بنائیں گے بھی، گھر بسائیں گے بھی'' دھی رانی پروگرام کے تحت 34 جوڑوں کی شادی

تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ کی بطور مہمان خصوصی شرکت



عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) ''گھر بنائیں گے بھی گھر بسائیں گے بھی'' پنجاب دھی رانی پروگرام کے تحت پاکپتن میں 34 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے فلاحی اقدام ''دھی رانی پروگرام'' کے تحت پاکپتن میں 34 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ کی بطور مہمان خصوصی شرکت، اس موقع پر کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق، ڈی پی او جاوید چدھڑ، ایم پی اے میاں فاروق احمد خاں مانیکا، ایم پی اے موتیا مسعود، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عاصمہ نورین، ڈی ڈی سوشل ویلفیئر مدیحہ گیلانی سمیت ضلعی انتظامیہ کے افسران، معززین علاقہ، جوڑوں کے فیملی ممبران بھی موجود تھے۔ اجتماعی شادیوں کی تقریب کو نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا، جہاں دلہنوں کیلئے فی کس 2 لاکھ روپے کے خصوصی تحائف اور جوڑوں کیلئے دیگر تحائف، اور شرکا تقریب کیلئے کھانے کا بہترین انتظام کیا گیا۔ حکومت پنجاب کی جانب سے ہر دلہن کو گھریلو ضروری اشیاء، فرنیچر، برتن، کپڑے اور دیگر سامان فراہم کیا گیا، تاکہ نو بیاہتا جوڑے اپنی ازدواجی زندگی کا آغاز آسانی سے کر سکیں۔ تقریب کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال نے جوڑوں کو مبارکباد دی، دلہنوں کے سر پر دست شفقت رکھا اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے ایک لاکھ روپے سلامی بذریعہ اے ٹی ایم دی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں ''دھی رانی پروگرام'' کے تحت پنجاب کے بے سہارا اور مستحق خاندانوں کی بیٹیوں کی شادیوں کے انتظامات کیے جا رہے ہیں تاکہ انہیں مالی پریشانیوں سے نجات دلائی جا سکے اور وہ باعزت طریقے سے اپنا گھر بسا سکیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اس پروگرام کو شروع کر کے ثابت کیا ہے کہ وہ پنجاب کی مثالی اور شفیق ماں اور بیٹی ہیں۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید اور ڈپٹی کمشنر پاکپتن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب مستحق خاندانوں کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد فلاحی تاریخی اقدامات کر رہی ہے، انہوں نے کہا کہ اجتماعی شادیوں جیسے پروگرام عوامی خدمت کا منہ بولتا ثبوت ہیں، جو نہ صرف والدین کا بوجھ کم کرتے ہیں۔

مسلک اہلحدیث کی جانب سے سہیل محمود کو امن کمیٹی کا چیئرمین بننے پر مبارکباد

امن کمیٹی کی امن کیلئے کی گئی کوشش لائق تحسین ہیں: عامر مبرٹ، سیف اللہ



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مسلک اہلحدیث کی جانب سے سہیل محمود بٹ کو امن کمیٹی کا چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دی گئی اس موقع پر عامر جمیل بٹ شیخ اعجاز احمد اور حافظ سیف اللہ کی جانب سے نومنتخب چیئرمین سہیل محمود بٹ کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں مبارکباد دیتے ہوئے حافظ سیف اللہ شیخ اعجاز اور عامر جمیل بٹ کا کہنا تھا کہ امن کمیٹی کی قیام امن کیلئے کی گئی کوشش لائق تحسین ہیں سب سے سخت فیصلے مذہبی فرقہ واریت کو روکنے کیلئے کرنے پڑتے ہیں امن کمیٹی میں شامل ممبران نے ہمیشہ مثبت اور جرآتمندانہ فیصلے کر کے علاقے کی فضاء کو پرامن بنایا اور مذہبی انتشار کو بروقت کنٹرول کیا جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے امید ہے سہیل محمود بٹ امن کمیٹی کو مزید فعال کرنے میں کردار ادا کریں گے تمام مسالک مل جل کر قیام امن کیلئے مثالی کردار ادا کر رہے ہیں جس کی بدولت علاقے کا امن قائم ہے۔

پاکستان انٹرنیشنل کلنری چیمپئن شپ 2025 سیزن 7 میں کوتھم کالج اوکاڑہ کیمپس نے سولہ میڈل جیت لیے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان انٹرنیشنل کلنری چیمپئن شپ 2025 سیزن 7 میں کوتھم کالج اوکاڑہ کیمپس نے سولہ میڈل جیت لیے، مقابلہ میں پاکستان سمیت پندرہ ممالک کے پانچ ہزار سے زائد طلبہ نے کلنری آرٹس میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور مہارتوں کا شاندار مظاہرہ کیا، مقابلے کا انعقاد شیف ایسوسی ایشن پاکستان اور کوتھم گروپ آف کالجز نے مشترکہ طور پر کیا، کوتھم کالج اوکاڑہ کیمپس کے میڈل جیتنے والے سولہ طلبا وطالبات کی کارکردگی کو سراہنے کے لیے اوکاڑہ کیمپس کے پرنسپل محمد عثمان ہادی نے کیمپس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا جسکے مہمان خصوصی صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ محمد اصغر خان ایڈووکیٹ جبکہ مہمانان اعزاز ضلعی صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ، صدر سماجی تنظیم 'ماڈا' اوکاڑہ رجنٹ محمد مظہر رشید چودھری طلحہ فوڈز کے چیف ایگزیکٹو طلحہ چغتائی تھے، مقررین نے کوتھم کالج پاکستان کے چیف ایگزیکٹو احمد شفیق چودھری اور اوکاڑہ کیمپس کے پرنسپل محمد عثمان ہادی کو انٹرنیشنل مقابلے میں سولہ میڈل جیتنے پر مبارک باد پیش کی۔

ادبی تنظیم خزینۂ شعروادب (یوکے) چنیوٹ پاکستان کی طرف سے 21 فروری بروز جمعہ بعد از نماز مغرب ایک شعری نشست کا اہتمام

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انجارج ایوان عابد تمبی ضلع چنیوٹ ڈاکٹر زاہد یاسین الھیاں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ادبی تنظیم خزینۂ شعرو ادب (یوکے) چنیوٹ پاکستان کی طرف سے 21 فروری بروز جمعہ بعد از نماز مغرب ایک شعری نشست کا اہتمام کیا گیا ہے جس کی صدارت نامور معروف شاعر حفیظ الرحمٰن حفیظ کریں گے۔

محمد اویس قرنی کے دلائل کی روشنی میں بے گناہ شہری کی ضمانت منظور

شہری محمد سلیم کی ضمانت عدالت صغیر احمد علاقہ مجسٹریٹ دیپال پور میں گزشتہ روز زیر سماعت تھی



دیپال پور (تحصیل رپورٹر) شہری محمد سلیم کی جھوٹے اور بے بنیاد مقدمہ میں وکیل صفائی رانا محمد اویس قرنی کے دلائل کی روشنی میں ضمانت منظور، واقعات کے مطابق تھانہ حجرہ شاہ مقیم میں درج مقدمہ نمبر 2520/24 بجرم 324 میں (نامزد ملزم) شہری محمد سلیم کی ضمانت عدالت صغیر احمد علاقہ مجسٹریٹ دیپال پور میں گزشتہ روز زیر سماعت تھی جس میں وکیل صفائی معروف قانون دان رانا محمد اویس قرنی ایڈووکیٹ نے اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بہترین قانونی دلائل دیئے جس پر عدالت نے معزز شہری (نامزد ملزم) محمد سلیم جٹ گل کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کر لی۔

اساتذہ ہی قوم کے نوجوانوں کو بہتر تعلیم سے آراستہ کر سکتے ہیں

اساتذہ طالبعلموں کی قابلیت اور استعداد کار بڑھانے کے لئے ان پر بھرپور توجہ مرکوز کریں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے کہا ہے کہ باصلاحیت اور قابل اساتذہ ہی قوم کے نونہالوں کو بہتر انداز سے آراستہ کر سکتے ہیں۔ اساتذہ طالبعلموں کی قابلیت اور استعداد کار بڑھانے کے لئے ان پر بھرپور توجہ مرکوز کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دو سکولوں کے اساتذہ، طلباء اور سکول کونسل ممبران سے میٹنگ کے دوران کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے سکولوں میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر کرنے کے حوالے سے بریفنگ لی اور ضروری امور بارے احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تعلیم کے شعبہ میں سو فیصد نتائج کے حصول کیلئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں سکولوں کی مانیٹرنگ اور تعلیمی امور کی بہتری کیلئے منظم حکمت عملی پر مکمل پیرا ہے۔ اس ضمن میں ایجوکیشن افسران سکولوں کا دورہ کر کے تدریسی و دیگر امور کی نگرانی کو یقینی بنائیں۔

بس عملے اور مسافروں میں جھگڑا معمول بن گیا، بس عملے کا مسافر پر تشدد

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) بس عملے اور مسافروں میں جھگڑا معمول بن گیا، بس عملے کا مسافر پر تشدد۔ تفصیلات کے مطابق میاں چنوں لاری اڈا پر اکثر اوقات مسافروں اور بس کے عملے کے درمیان جھگڑا معمول کی بات ہے، بس والے مسافروں کو ذلیل کرتے نظر آتے ہیں، لاری اڈا پر بس عملے نے ایک مسافر کو تشدد کا نشانہ بنایا جسکی ویڈیو موصول ہوئی، ویڈیو میں سارا ماجرا دیکھا گیا کس طرح ایک مسافر کی تذلیل کی جا رہی ہے، عینی شاہدین نے بتایا بس عملے ایک مسافر کو تشدد کا نشانہ بنایا وجہ یہ تھی کہ بس والے تین گھنٹے سے مسافروں کو ذلیل کر رہے تھے مگر مسافروں کو انکی منزل تک نہیں پہنچایا گیا، مقامی لوگوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے بس عملے کیلئے قانون بنایا جائے۔

نافس دودھ کی فروخت کھلے عام جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ اور گردونواح میں ملاوٹ شدہ دودھ کی فروخت دھڑلے سے جاری۔ خالص دودھ، دہی مہنگا محال ہوگیا متعلقہ انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے میں مصروف اعلی حکام نوٹس لیں۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ دیپالپور، حجرہ شاہ مقیم، بصیر پور اور حویلی لکھا میں خشک پاؤڈر، کیمکل اور آئل وغیرہ کی ملاوٹ سے تیار شدہ دودھ کی فروخت جاری ہے محکمہ فوڈ اتھارٹی، اور ضلعی انتظامیہ، خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے جبکہ ملاوٹ شدہ دودھ فروخت کرنے والا مافیا لوگوں کی زندگیوں سے کھیل رہا ہے غیر معیاری دودھ کے استعمال سے بچے، بڑے، معدہ، جگر، چست وغیرہ کی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔

پاکستان انٹرنیشنل کلنری چیمپئن شپ 2025 سیزن 7 میں کوتھم کالج اوکاڑہ کیمپس نے سولہ میڈل جیت لیے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان انٹرنیشنل کلنری چیمپئن شپ 2025 سیزن 7 میں کوتھم کالج اوکاڑہ کیمپس نے سولہ میڈل جیت لیے، مقابلہ میں پاکستان سمیت پندرہ ممالک کے پانچ ہزار سے زائد طلبہ نے کلنری آرٹس میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور مہارتوں کا شاندار مظاہرہ کیا، مقابلے کا انعقاد شیف ایسوسی ایشن پاکستان اور کوتھم گروپ آف کالجز نے مشترکہ طور پر کیا، کوتھم کالج اوکاڑہ کیمپس کے میڈل جیتنے والے سولہ طلبا وطالبات کی کارکردگی کو سراہنے کے لیے اوکاڑہ کیمپس کے پرنسپل محمد عثمان ہادی نے کیمپس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا جسکے مہمان خصوصی صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ محمد اصغر خان ایڈووکیٹ جبکہ مہمانان اعزاز ضلعی صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ، صدر سماجی تنظیم 'ماڈا' اوکاڑہ رجنٹ محمد مظہر رشید چودھری طلحہ فوڈز کے چیف ایگزیکٹو طلحہ چغتائی تھے، مقررین نے کوتھم کالج پاکستان کے چیف ایگزیکٹو احمد شفیق چودھری اور اوکاڑہ کیمپس کے پرنسپل محمد عثمان ہادی کو انٹرنیشنل مقابلے میں سولہ میڈل جیتنے پر مبارک باد پیش کی۔

صاحب ثروت افراد عام شہریوں کیلئے بچت بازار سجائیں: محمد خالد وسیم

مفت دسترخوان پر 1 شخص مستفید ہوتا جبکہ اسکا کنبہ کیا کرتا ہے۔ کنوینئر اتحاد گروپ



صاحب حیثیت لوگوں سے درخواست ہے کہ امسال مفت سحر و افطار کے دسترخوان سجانے کی بجائے بچت بازار لگائے جائیں کہ مفت دسترخوان پر تحفین تو کھانا کھا لیتے ہیں مگر کیا پتہ انکے بیوی بچے بھوکے سوتے ہوں؟ اللہ کی رضا کیلئے مفلوک الحال مخلوق میں سحر و افطار کے اوقات میں مفت کھانا تقسیم کرنے والے مخیر لوگ ایک ستا بازار قائم کر سکتے ہیں جہاں ہی اجناس واشیائے خورد ونوش سبسڈائز کر کے عوام الناس کو مہیا کی جاسکتی ہیں۔ اس سے سفید پوشوں کی خودداری بھی قائم رہے گی کیونکہ اگر کوئی سفید پوش آپ کے دسترخوان سے مفت نہیں کھانا چاہے تو کیا کرے ان باتوں کا اظہار معروف سیاسی و سماجی شخصیت محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کیا۔

ایف جی کالونی کے ساتھ پھاٹک تک سڑک بنائی جائے: اہل علاقہ

کالجز اور ہسپتال جانے والوں کیلئے سودمند ہوگی، دیہات کو بھی فائدہ ہوگا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ایف جی کالونی کے ساتھ سڑک بنائی جائے پھاٹک سے محلہ محمد پورہ تک ریلوے لائن ملحقہ اراضی پر نئی سڑک کی تعمیر اہل علاقہ کو فائدہ دے گی اس سے کالجز میں جانے والے طلبا وطالبات اور ہسپتال جانے والوں کیلئے آسانی ہوگی وفاقی وزیر رانا تنویر حسین رکن قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس سڑک کی تعمیر کیلئے فوری کام شروع کروایا جائے اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ بیرونی پھاٹک سے ایف جی کالونی سے ملحقہ سڑک بننے سے دیہات سے ہسپتال آنے والے افراد سمیت کالجز جانے والے طلبا وطالبات سمیت اہل علاقہ کو فائدہ ہوگا اس کی تعمیر کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔

مصطفی آباد: میٹرو یا سپیڈو کو لاہور سے قصور تک چلایا جائے: شیخ محمد یوسف فاروقی

سینئر سٹیزن فری سفر کی سہولت فراہم کی جائے، پارکوں اور ہوٹلوں میں بھی سینئر سٹیزن کو ڈسکاونٹ دیا جائے



مصطفی آباد/اللیانی (نمائندہ خصوصی) شہریوں کی سہولت کے لئے میٹرو یا سپیڈو کو لاہور سے قصور تک چلایا جائے، سینئر سٹیزن فری سفر کی سہولت فراہم کی جائے، پارکوں اور ہوٹلوں میں بھی سینئر سٹیزن کو ڈسکاونٹ دیا جائے، قصور کے ہسپتالوں میں صحت کارڈ کی سہولت بحال کی جائے اللیانی قصور مسلم لیگ ن سے محبت کرتے ہیں اور مسلم لیگ ن کی قیادت کا بھی حق بنتا ہے کے اللیانی قصور کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے، صحت کارڈ سے قصور کے ہسپتالوں کو نکالے جانے کی وجہ سے کچھ شہری کو عطائیوں کے پاس جانے پر مجبور ہیں اور کچھ لاہور کے ہسپتالوں میں خوار ہو رہے ہیں کارڈ ہولڈر قصور کے شہریوں کو بیماری کے ساتھ ساتھ بیماری کی حالت میں سفری کی اذیت بھی برداشت کرنا پڑتی ہے۔ میں وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلیٰ پنجاب و دیگر اعلی حکام سے مطالبہ کرتا ہوں کہ میٹرو یا سپیڈو کو لاہور سے قصور تک چلایا جائے اور قصور کے ہسپتالوں میں صحت کارڈ کی سہولت بحال کی جائے۔

کثیر تعداد میں شجر کاری دور حاضر کی اہم ضرورت ہے: ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر

ماحولیاتی تبدیلیوں اور گلوبل وارمنگ کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے سرکاری سکولوں میں کثیر تعداد میں شجر کاری کی جائے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری فرزانہ انور بلوچ نے کہا ہے کہ صاف ستھری اور صحت مند ماحول کے لیے کثیر تعداد میں شجر کاری دور حاضر کی اہم ضرورت ہے، ماحولیاتی تبدیلیوں اور گلوبل وارمنگ کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے سرکاری سکولوں میں کثیر تعداد میں شجر کاری کی جائے اور پودوں کی مناسب انداز میں آبیاری کرتے ہوئے ان کا خیال رکھا جائے تاکہ آنے والی نسلوں کو بہتر ماحول مہیا کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول 2/35 آر اے میں شجر کاری مہم کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز سکول پرنسپل و انتظامیہ سمیت دیگر اساتذہ بھی موجود تھیں، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری نے کہا کہ 15 فروری کو شجر کاری کا دن منایا جا رہا ہے اور اس دن کی مناسبت سے سرکاری سکولوں میں شجر کاری کرنے کے ساتھ ساتھ طالب علموں کو شجر کاری کی اہمیت سے واقفیت کے لیے خصوصی آگاہی فراہم کی جائے اور شجر کاری کی اہمیت کا پیغام دوسروں کو بھی پہنچانے کی بھی تلقین کی جائے، اس موقع پر مہم کے شرکا نے سکول میں پودے بھی لگائے۔

''ڈرگ فری پنجاب'' کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

اے ایس آئی محمد خان نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے کانڈیوال روڈ سے منشیات فروش ملزم جہانگیر کو گرفتار کیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن ''ڈرگ فری پنجاب'' کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ لالیاں سب انسپکٹر اللہ دتہ، اے ایس آئی محمد خان نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے کانڈیوال روڈ سے منشیات فروش ملزم جہانگیر کو گرفتار کیا جس کے قبضہ سے 10 کلو 2 سو گرام چرس برآمد ہوئی۔ علاوہ ازیں آرگنائزڈ کرائم یونٹ سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر نصر اللہ خان نے ٹیم کاروائی کرتے ہوئے علاقہ تھانہ سٹی منشیات فروش ملزم مظہر کو گرفتار کیا جس کے قبضہ سے 2415 گرام چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار منشیات فروش ملزمان کیخلاف منشیات کی دفعات کے تحت مقدمات درج ہو چکے ہیں اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے ضلع بھر میں بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ منشیات کے مقدمات کی معیاری تفتیش کو یقینی بناتے ہوئے ملزمان کو سزائیں دلوائی جا رہی ہیں۔

کثیر تعداد میں شجر کاری دور حاضر کی اہم ضرورت ہے: ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر

ماحولیاتی تبدیلیوں اور گلوبل وارمنگ کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے سرکاری سکولوں میں کثیر تعداد میں شجر کاری کی جائے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری فرزانہ انور بلوچ نے کہا ہے کہ صاف ستھری اور صحت مند ماحول کے لیے کثیر تعداد میں شجر کاری دور حاضر کی اہم ضرورت ہے، ماحولیاتی تبدیلیوں اور گلوبل وارمنگ کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے سرکاری سکولوں میں کثیر تعداد میں شجر کاری کی جائے اور پودوں کی مناسب انداز میں آبیاری کرتے ہوئے ان کا خیال رکھا جائے تاکہ آنے والی نسلوں کو بہتر ماحول مہیا کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول 2/35 آر اے میں شجر کاری مہم کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز سکول پرنسپل و انتظامیہ سمیت دیگر اساتذہ بھی موجود تھیں، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری نے کہا کہ 15 فروری کو شجر کاری کا دن منایا جا رہا ہے اور اس دن کی مناسبت سے سرکاری سکولوں میں شجر کاری کرنے کے ساتھ ساتھ طالب علموں کو شجر کاری کی اہمیت سے واقفیت کے لیے خصوصی آگاہی فراہم کی جائے اور شجر کاری کی اہمیت کا پیغام دوسروں کو بھی پہنچانے کی بھی تلقین کی جائے، اس موقع پر مہم کے شرکا نے سکول میں پودے بھی لگائے۔

میونسپل کمیٹی کی کچرے سے بھری ٹریکٹر ٹرالیاں سڑکوں پر کوڑا پھینکنے لگیں

غیر ذمہ دار ڈرائیور معروف شاہرات پر کوڑے والی ٹریکٹر ٹرالیاں کھڑی کر کے ٹریفک میں خلل ڈالنے اور حادثات کا باعث بننے لگے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) میونسپل کمیٹی کی کچرے سے بھری ٹریکٹر ٹرالیاں سڑکوں پر کوڑا پھینکنے لگیں، غیر ذمہ دار ڈرائیور معروف شاہرات پر کوڑے والی ٹریکٹر ٹرالیاں کھڑی کر کے ٹریفک میں خلل ڈالنے اور حادثات کا باعث بننے لگے۔ تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی کی ٹریکٹر ٹرالیاں بغیر ڈھانپے ہوئے کوڑا کرکٹ سڑکوں پر پھینک

''قوت'' کلاسیفائیڈ
Qawwat Classified
قوت
Qawwat
042-3636000

ہتھیلیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم ایف وفد کی ملاقات پر بریفنگ کرنا تھا، پانی پلی آئی ٹی کے خطرناک ترین ڈرائیور جویریہ سیفنگ کمپنی کی بھی ڈائریکٹر ہیں۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ میں نے آئی ایم ایف وفد کو جواب دیا ہم نے آئین کے تحت عدلیہ کی آزادی کا حلف اٹھایا ہے، میں نے وفد کو بتایا یہ اتنا کام نہیں ہے، آپ کو ساری تفصیل بتائیں، میں نے وفد کو پنجاب یونیورسٹی لاہور کیمپس کے ایجنڈے کا بتایا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے وفد کو بتایا تھا کہ عدلیہ کی گورننس پر بھی کام ہونا چاہیے، میں نے وفد کو بتایا کہ ہم نے ڈسٹرکٹ جوڈیشل پالیسی مینوئل کے ایجنڈے کا بتایا تھا، انہوں نے کہا کہ میں نے وفد کو بتایا تھا کہ عدلیہ کی گورننس پر کام ہونا چاہیے، میں نے وفد کو بتایا تھا کہ ہم ماتحت عدلیہ کے ججز کی آزادی کا حلف اٹھاتے ہیں، وفد نے کہا کہ ہم پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کیلئے آپ کی مدد چاہتے ہیں، میں نے کہا کہ ہمیں عدلیہ کیلئے آپ کے فیڈ بیک کی ضرورت ہے، چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ میں نے وفد کو بتایا ہم تجویز دے سکتے ہیں، انگلینڈ میں جلد سماعت کیلئے پنچ ورڈ ہے، وفد نے کہا کہ ہم آپ کے پیرس کورٹ آف آربٹریشن اور اپیلز ونگ دونوں سے رابطہ کریں گے، پاکستان میں سب لاء کلب ہے، پانی پلی ڈرائی کی کا وفد آیا تھا، پانی پلی آئی ٹی جو ہم سے چاہتے ہیں، وہ آرٹیکل 184 کی تشریح سے متعلق ہیں، میں نے کہا کہ اس وقت کیلئے ایجنڈا کیا ہے، وفد نے کہا کہ ہم نے ڈسٹرکٹ جوڈیشل پالیسی مینوئل کو دیکھ

خواجہ سلمان رفیق و خواجہ عمران نذیر کی یونیورسٹی آف لاہور کے 16ویں کانووکیشن میں شرکت

مجھے فخر ہے کہ میرے آباؤاجداد نے اس ملک کی بنیاد میں اپنا حصہ ڈالا تھا، پاکستان میں میڈیکل ایجوکیشن انتہائی اہم ہے، خواجہ سلمان رفیق

2500 طلبہ میں ایچ یوز کو یورپ کی طرز پر ری ویپ کیا جا رہا ہے، خواجہ عمران نذیر



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر یونیورسٹی آف لاہور کے 16ویں کانووکیشن کے درمیان نمایاں گریجویشن کے درمیان نمایاں گریجویشن کے درمیان نمایاں گریجویشن کے درمیان نمایاں گریجویشن کے درمیان نمایاں تقسیم کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر یونیورسٹی آف لاہور کے 16ویں کانووکیشن کے درمیان نمایاں گریجویشن کے درمیان نمایاں گریجویشن کے درمیان نمایاں گریجویشن کے درمیان نمایاں گریجویشن کے درمیان نمایاں تقسیم کر رہے ہیں

مسعود کوہل، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، ایوسی روف عزیز روف، ڈاکٹر زاہد پرویز، ڈاکٹر عاطف کاظمی، ٹیکنی ممبران اور طلباء وطالبات والدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر نے یونیورسٹی آف لاہور کے 16ویں کانووکیشن میں طلبہ وطالبات اور والدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ وائس چانسلر ڈاکٹر طاہر تنویر ممبر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، ایوسی روف عزیز روف، ڈاکٹر زاہد پرویز، ڈاکٹر عاطف کاظمی، ٹیکنی ممبران اور طلباء وطالبات والدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

مجھے فخر ہے کہ میرے آباؤاجداد نے اس ملک کی بنیاد میں اپنا حصہ ڈالا تھا، پاکستان میں میڈیکل ایجوکیشن انتہائی اہم ہے، خواجہ سلمان رفیق

کانووکیشن کے دوران 225 فرسٹ کریم ایوارڈس کو ایم فل، پی ایس ایم اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں اپواری کی گئیں، کانووکیشن کے دوران نمایاں کارکردگی کے مظاہرہ کرنے والے طلباء وطالبات کو گولڈ میڈلز سے نوازا گیا، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے بھی کانووکیشن کی تقریب سے اپنے خطاب میں کہا کہ مجھے فخر ہے کہ میرے آباؤاجداد نے اس ملک کی بنیاد میں اپنا حصہ ڈالا تھا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

بنو قابل لاہور 2025 میں پروگرام میں ہزاروں نوجوان لڑکے لڑکیاں مفت آئی ٹی کورسز کریں گی، سرپرست الحمد مت فاؤنڈیشن کی گفتگو

بنو قابل لاہور مفت آئی ٹی کورسز کیلئے 16 فروری کو اسپٹیفیڈ ٹیسٹ ہوگا، مفت آئی ٹی کورسز کیلئے طلبہ وطالبات سے ایک گھنٹے کا تحریری ٹیسٹ لیا جائیگا

لاہور (خبر نگار) سرپرست الحمد مت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ نوجوان آئی ٹی کی تعلیم حاصل کر کے والدین کا سہارا بنیں گے۔ بنو قابل لاہور مفت آئی ٹی کورسز کیلئے 16 فروری کو اسٹیفیڈ ٹیسٹ ہوگا، مفت آئی ٹی کورسز کیلئے طلبہ وطالبات سے ایک گھنٹے کا تحریری ٹیسٹ لیا جائیگا۔ پاس ہونے والے طلبہ طالبات بنو قابل لاہور 2025 میں اسٹیفیڈ ٹیسٹ

بانی پی ٹی آئی ملک وقوم کے حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں، محمد حسین

عوام کے دلوں سے عمران خان کی محبت کو نکالنا ہر سر اقتدار طبقے کے بس کی بات نہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی ملک وقوم کے حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں، ناہل حکمران جو بھی کریں قوم آئندہ انتخابات میں بھی دوبارہ تحریک انصاف کو ہی دے گی، عمران خان دیرینہ لیڈر ہے عوام کے دلوں سے ان کی محبت نکالنا ہر سر اقتدار طبقے کے بس کی بات نہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کو حقیقی اسلامی فلاحی و جمہوری ریاست بنانے کیلئے جمہوری اقدار کو فروغ دینا ہوگا معاشی نظام کی بہتری کیلئے موجودہ ناہل حکمرانوں سے نجات ناگزیر ہے تحریک انصاف وہ واحد جماعت ہے جو جمہوریت پر قبضے معنوں میں یقین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

انسانی اسمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کرنا حکومت کیلئے چیلنج ہے، جاوید قصوری

ہر سال 15 ہزار افراد غیر قانونی راستوں کا انتخاب کرتے ہیں جن میں صرف 20 فیصد کامیاب ہوتے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسنٹرل صدر جاوید قصوری نے یورپی ممالک کا بنڈل آف ٹیکنالوجی کے نام سے ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یورپ کے ساحل پر تقریباً پاکستانی نظر آتے ہیں اور سمندر میں ہی ایک اور سمندر وجود میں آ چکا ہے جس میں ہر سال ہزاروں پاکستانی ڈوب کر جاں بحق ہو جاتے ہیں، ہر سال تقریباً 15 ہزار افراد غیر قانونی راستوں سے ملک سے باہر جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ پہلے اس سفر میں کامیابی سے منزل پر پہنچنے کی شرح 50 فیصد تھی لیکن اب یہ شرح کم ہو کر محض 20 فی صد رہ گئی ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

جنگ گیلکسی ریوں میں کپاس کی آمد میں سالانہ بنیاد پر 34 فیصد کمی ہوئی، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) جنگ گیلکسی ریوں میں کپاس کی آمد میں سالانہ بنیاد پر 34 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کے اعداد وشمار کے مطابق 31 جنوری تک ملک کی جننگ گیلکسی ریوں میں 551100 گانٹھوں کی آمد ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 34 فیصد کم ہے، گزشتہ سال کی اسی مدت میں جننگ گیلکسی ریوں میں 835000 گانٹھوں کی آمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2 4)

بشریٰ بی بی کو عمران خان سے ملنے کی سزا دی جا رہی ہے، مہنت سری شید

شوہر سے ملاقات کی اجازت نہ گھر سے کوئی چیز پہنچنے دی جا رہی، سب فسطائیت کا مقصد عمران خان انکی شریک حیات کو توڑنا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما سری جشید بھینہ نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی کو صرف عمران خان سے ملنے کی سزا دی جا رہی ہے، سب فسطائیت کا مقصد عمران خان اور ان کی شریک حیات کو توڑنا ہے لیکن انشاللہ یہ ہرے ناکام ہوں گے۔ انہوں نے ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا



بی بی آئی کے دور حکومت میں ٹیکسٹائل انڈسٹری پر سال چوبیس گھنٹے چلتی تھی اور کام کرنے کے لیے مزدور نہیں ملتے تھے، سینئر رہنما پنجاب پی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما سری جشید بھینہ نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی کو صرف عمران خان سے ملنے کی سزا دی جا رہی ہے، سب فسطائیت کا مقصد عمران خان اور ان کی شریک حیات کو توڑنا ہے لیکن انشاللہ یہ ہرے ناکام ہوں گے۔ انہوں نے ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا

لاہور: بیواس پی ٹی ایم منعقدہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فنائش کے دوران طالبات کو بریفنگ دی جا رہی ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور انکے ایلچانہ سے ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

درخواست برائے ٹیشن آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔ شہید ہیڈ کانسٹیبل اعجاز خورشید کی بیوہ، شہید کانسٹیبل محمد سلیمی کی بیوہ اور شہید کانسٹیبل اقبال کی بیوہ کی درخواستوں پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز پنجاب کو ریلیف فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے۔ سب انسپکٹر ناظم عباس کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

لاہور (خبر نگار رکرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، سینئر ٹریفک وارڈن ناصر محمود کی پروموشن کی



آئی جی پنجاب پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف کے احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کانہ نے ٹیچرز کے مقررہ وقت سے پہلے سکول چھوڑنے کی شکایات کا سخت نوٹس لے لیا

نگہانہ صاحب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نگہانہ محمد تسلیم اختر نے ٹیچرز کے مقررہ وقت سے پہلے سکول چھوڑنے کی شکایات کا سخت نوٹس لے لیا، ڈپٹی کمشنر نے یا تھا عدم ڈسپلن جاری کر دیا، جس میں اسسٹنٹ کمشنرز اور مانیٹرنگ ٹیموں کو روزانہ کی بنیاد پر اساتذہ کی حاضری چیک کرنے کا حکم دیا گیا، محکمہ تعلیم کے آفیسرز کو کبھی اچانک دورے سکول سے چلے جانے والے استاد کے خلاف سخت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

فلسطین پر امریکی قبضے کی سازش کھلی جارحیت ہے، قاری اعظم حسین

امریکہ، اسرائیل غزہ میں بدترین اور ذلت امیز ترین شکست کے بعد بدحواس ہو چکے ہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر سرگودھا یونین عبدالحمید قادری، ناظم اعلیٰ مولانا ابوبکر خان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل کاسر کیانی، لاہور

وفاقی ادارہ شماریات کے بلامین کی پروموشن تین سال کیلئے بند

پروموشنز بند ہونے کے باعث کئی ملازمین اپنے حق سے محروم ہوتے ہوئے ریٹائر ہو گئے لیکن ان کی پروموشن نہ ہو سکی

وزیراعظم انزخود نوٹس لیتے ہوئے پروموشن سے محروم ملازمین کو ان کا حق دلائیں، ملازمین کی دردمندانہ اپیل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ادارہ شماریات میں گزشتہ چھ سال سے پروموشنز بند ہونے کے باعث سینکڑوں ملازمین شدید تحفظات میں مبتلا ہیں۔ سینئر ٹائپسٹ ہونے والے ملازمین کا کہنا ہے کہ ہم جب ادارے کے کئی ملازمین اپنی پروموشنز کا انتظار انتظار کرتے ریٹائر ہو گئے لیکن ان کی پروموشن نہ ہو سکی



ڈیرہ غازیخان: ایڈیشنل کمشنر یونیورسٹی طالبہ امین عوامی مسائل سن رہے ہیں

منشیات کے سوداگروں نے سانگلہ ہل کو اپنی پلیٹ میں لے لیا

پولیس نے خاموشی کی چادر تان لی، سٹی میں منشیات کا دھندہ عروج پر

نگہانہ صاحب (این این آئی) ڈرگ مافیا گھر گھر موت بانٹنے لگا، منشیات کے سوداگروں نے سانگلہ ہل کو اپنی پلیٹ میں لے لیا، پولیس کی خاموشی کی چادر تان لی، سانگلہ ہل سٹی میں منشیات کا دھندہ عروج پر ہے، منشیات فروشوں نے جگہ جگہ اپنے اڈے بنا لیے، تھانہ پولیس کی ناکامی کی وجہ سے یہ گھناؤنا دھندہ بے ہنگم رفتار سے جاری ہے، ایک اندازے کے مطابق منشیات کی فروخت یا خرید روزانہ لاکھوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

دشمن سے فرار کا منصوبہ نہیں تھا، بشار الاسد کے بیٹے کے چشم کشا انکشافات

کبھی کوئی تیاری یا کوئی چیز نہیں تھی جس سے یہ باور کیا جاتا کہ ہم وہاں سے چلے جائیں، ٹوئٹ

دمشق (این این آئی) شام کے سابق مقتدر صدر بشار الاسد کے بیٹے حافظ الاسد'' کے نام سے ایک تصدیق شدہ اکاؤنٹ سے سوشل میڈیا پر اس وقت ایک بیانگ پر کیا ہے اس نے شامی حکومت کے

کراچی کورنگی میں ڈکیتی مزاحمت پر شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

گرفتار ملزم کا تعلق 12 رکنی ڈکیت گینگ سے ہے، ڈکیتی کی متعدد وارداتوں کا اعتراف کیا ہے

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے کورنگی کی تنہا والا کالونی میں شہری کو قتل کرنے والے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم نے دوران تفتیش ڈکیتی کی متعدد وارداتوں کا اعتراف بھی کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

ڈیرہ غازی خان: کمشنر اشفاق احمد چوہدری و ائس چانسلر غازی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد کے ساتھ گفتگو کر رہے ہیں

ہولو پولیس کی انسداد پتنگ بازی ایکٹ کے تحت کارروائیاں

370 افراد گرفتار، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 19 ہزار سے زائد پتنگیں، 555 چرخیاں برآمد کی گئیں، ترجمان لاہور پولیس

تفریح کے نام پر قیمتی انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے پتنگ کے خلاف کارروائیوں میں گرفتار ملزمان کی تعداد 370 ہو گئی جس پر مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ تفریح کے نام پر قیمتی انسانی جانوں سے کھیلنے والے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

کراچی، سلنڈر پھٹنے سے ایک بچی جاں بحق، 3 افراد زخمی

تمام زخمیوں کو علاج کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ایک سالہ بچی نوفہ جاں بحق ہوئی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے محمود آباد میں گھر میں گیس سلینڈر پھٹنے سے ایک بچی جاں بحق اور 3 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو اہلکاروں کے مطابق دھماکے میں مکان کی چھت بھی گر گئی۔ ریسکیو اہلکاروں کے مطابق دھماکے میں مکان کی چھت بھی گر گئی۔ ریسکیو اہلکاروں کے مطابق دھماکے میں میاں بیوی اور دو بچے زخمی ہوئے، تمام زخمیوں کو علاج کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ایک سالہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)



لاہور کے سینئر ریزیڈنٹ ڈاکٹر علی ملک ڈائریکٹر ایجوکیشن محبوب عالم سے ملاقات کر رہے ہیں

ڈکیتی کیلئے جانیوالا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک، ڈاکو کا ساتھی گرفتار

ڈکیتی کیلئے جانیوالا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک، ڈاکو کا ساتھی گرفتار